# 4

# لین دین کا اندراج–II
# (Recording of Transactions-II)

باب 3 میں، آپ نے سیکھا کہ سبھی کاروباری لین دین پہلے تو جرنل (روزنامچے) میں درج کیے جاتے ہیں بعد میں انہیں لیجر (Ledger) کھاتوں میں چڑھایا جاتا ہے۔ چھوٹے کاروبار اپنے سبھی لین دین کو صرف ایک بہی یعنی جرنل میں درج کر سکتے ہیں۔ لیکن جیسے جیسے کاروبار میں پھیلاؤ ہوتا ہے اور لین دین کافی بڑھ جاتا ہے تب ہر لین دین کو جرنل میں درج کرنا باعث زحمت بن سکتا ہے۔ کاروباری لین دین یا معاملوں کے فوری، موثر اور درست اندراج کے لیے جرنل کی تقسیم کچھ مخصوص ذیلی جرنلوں میں کی جاسکتی ہے۔ متعدد کاروباری لین دین نوعیت کے اعتبار سے تکراری (بار بار آنے والے) ہوتے ہیں اور انہیں آسانی سے ان خاص جرنلوں میں درج کیا جاسکتا ہے، جو ایک ہی نوعیت کے سبھی لین دین کو درج کرنے کے مقصد سے تیار کیے جاتے ہیں۔ مثال کے لیے سبھی نقد لین کو ایک کتاب میں درج کیا جاسکتا ہے۔ ایک دوسری کتاب یا کیش بک میں ادھار فروخت سے متعلق سبھی لین دین کو درج کیا جاسکتا ہے اور سبھی ادھار خریداریوں سے متعلق سبھی لین دین ایک اور دوسری کیش بک میں درج کیے جاسکتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ ان خاص جرنلوں کو روزنامچوں یا ذیلی کتابوں کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔ وہ لین دین جو کسی خاص جرنل میں نہیں درج کیے جاسکتے انہیں جس جرنل میں درج کیا جاتا ہے اسے جرنل اصل (Journal Proper) کہا جاتا ہے۔ خاص جرنل کفایتی ثابت ہوتے ہیں اور حساب داری میں محنت کی تقسیم کو ممکن بناتے ہیں۔ اس باب میں ہم مقاصد کے لیے درج ذیل بہی کھاتوں کے بارے میں بات کریں گے۔

- کیش بک (Cash Book)
- خریداری بہی (Purchases Book)

### سیکھنے کے مقاصد

اس باب کے مطالعہ کے بعد آپ اس قابل ہوں گے کہ

- خاص مقصد کے بہی کھاتوں کی ضرورت کو بیان کر سکیں؛
- لین دین کو کیش بک (Cash Book) میں درج کرسکیں اور لیجر میں انہیں چڑھا سکیں؛
- خردہ کیش بک تیار کرسکیں؛
- خاص مقصدی بہی کھاتوں میں لین دین کو درج کر سکیں؛
- خاص مقصدی بہی اور لیجر میں اندراجات چڑھا سکیں؛
- لیجر کھاتوں کو متوازن یا باہم مطابق کر سکیں۔

© NCERT not to be republished

- فروخت بہی (Sales Book)
- بکری واپسی (داخلی واپسی) بہی [Sales Return (Return Inwards) Book]
- جرنل اصل

## 4.1 کیش بک (Cash Book)

کیش بک یا کیش بک وہ کتاب ہے جس میں نقد وصولیابیوں اور نقد ادائیگیوں سے متعلق سبھی لین دین کا اندراج کیا جاتا ہے۔ مدت کی ابتدا میں نقد یا بینک کے بقایا جات کے ساتھ اس کی شروعات ہوتی ہے۔ عام طور پر اسے ماہانہ بنیاد پر بنایا جاتا ہے۔ یہ نہایت عام استعمال کی بہی ہے اور سبھی تنظیموں میں خواہ وہ بڑی ہوں یا چھوٹی، منافع کے لیے ہوں یا بے منافع والی اس کا اہتمام سبھی میں کیا جاتا ہے۔ یہ جرنل کے ساتھ ساتھ لیجر (نقد) کھاتے کے مقصد کی تکمیل کرتی ہے۔ اسے اصل اندراج کی کتاب (Book of Original Entry) بھی کہا جاتا ہے۔ جب کیش بک (Cash Book) بنائی جاتی ہے تو نقد کے لین دین کو جرنل میں نہیں درج کیا جاتا ہے اور لیجر میں نقد یا بینک کے لیے کسی علاحدہ کھاتے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

### 4.1.1 ایک کالمی کیش بک *(Single Column Cash Book)*

ایک کالمی کیش بک میں کاروبار کے سبھی نقد لین دین کو تاریخی ترتیب میں درج کیا جاتا ہے: یعنی یہ نقد وصولیابیوں اور نقد ادائیگیوں کا ایک مکمل ریکارڈ ہوتا ہے۔ جب کسی کاروباری تنظیم کے ذریعہ سبھی وصولیابیاں اور ادائیگیاں صرف نقد میں انجام دی جاتی ہیں تب کیش بک ہر جانب (ڈیبٹ اور کریڈٹ) میں صرف ایک کالم پر مشتمل ہوتی ہے۔ ایک کالم کی کیش بک کی وضع (Format) شکل 4.1 میں دکھائی گئی ہے۔

**کیش بک**

**Dr.** **Cr.**

| رقم (روپے) | جرنل فولیو | وصولیابی | تاریخ | رقم (روپے) | جرنل فولیو | ادائیگی | تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |

**شکل 4.1:** واحد کالم کیش بک کی وضع

ایک کالمی کیش بک میں اندراجات کو چڑھانے اور اس کے میزان ملانے یا باہم مطابق کرنے کے عمل کو مثال کے ذریعے سمجھایا گیا ہے۔ میسرز روپا ٹریڈرس کے درج ذیل لین دین کے بارے میں غور کریں کہ ایک کالمی کیش بک میں انہیں کس طرح درج کیا جاتا ہے۔

© NCERT not to be republished

| تاریخ | تفصیلات | رقم (روپے) |
|---|---|---|
| 2010 | | |
| نومبر 01 | باقی نقد | 30,000 |
| نومبر 04 | گرمیت سے وصولی نقد | 12,000 |
| نومبر 08 | اداشدہ بیمہ (سالانہ قسط) | 6,000 |
| نومبر 13 | خریدا گیا فرنیچر | 13,800 |
| نومبر 16 | نقد فروخت کی گئی اشیاء | 28,000 |
| نومبر 17 | مودی سے نقد خریدا گیا سامان | 17,400 |
| نومبر 20 | اسٹیشنری کی خرید | 1,100 |
| نومبر 24 | رکمنی کو کھاتے کی مکمل بے باقی کے لیے نقد ادائیگی | 12,500 |
| نومبر 27 | کمل کے ساتھ نقد فروخت کی گئی اشیاء | 18,200 |
| نومبر 30 | ادا کردہ ماہانہ کرایہ | 2,500 |
| نومبر 30 | ادا کردہ تنخواہ | 3,500 |
| نومبر 30 | بینک میں جمع کردہ | 8,000 |

## روپ ٹریڈرس
## کیش بک

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | ادائیگی | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | وصولیابی | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| نومبر 01 | بقایا بیلنس | | 30,000 | نومبر 08 | انشورنس | | 6,000 |
| نومبر 04 | گرمیت | | 12,000 | نومبر 13 | فرنیچر | | 13,800 |
| نومبر 16 | فروخت | | 28,000 | نومبر 17 | خریداریاں | | 17,400 |
| نومبر 27 | فروخت | | 18,200 | نومبر 20 | اسٹیشنری | | 1,100 |
| | | | | نومبر 20 | رکمنی | | 12,500 |
| | | | | نومبر 24 | کرایہ | | 2,500 |
| | | | | نومبر 30 | تنخواہ | | 3,500 |
| | | | | نومبر 30 | بینک | | 8,000 |
| | | | | نومبر 30 | بیلنس c/d | | 23,400 |
| | | | 88,200 | | | | 88,200 |
| دسمبر 01 | بیلنس b/d | | 23,400 | | | | |

© NCERT not to be republished

## واحد کالم کیش بک میں اندراج کرنا

جیسا کہ شکل 4.1 سے واضح ہے کہ کیش بک کے بائیں جانب نقد رسیدوں (نقد وصولیابیوں) کو ظاہر کیا جاتا ہے جبکہ کیش بک کے دائیں جانب نقد ادائیگیوں کو ظاہر کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد کیش بک میں ڈیبٹ جانب ظاہر ہونے والے کھاتوں کو متعلقہ لیجر کھاتوں میں کریڈٹ کیا جاتا ہے کیونکہ ان کے لحاظ سے ہی نقد کی وصولیابی ہوئی ہے۔ اس طرح، ہماری دی ہوئی مثال میں، ''گرمیت سے وصول نقد'' اندراج جو کہ کیش بک کے بائیں جانب تحریر کیا گیا ہے اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ گرمیت سے نقد وصولیابی کی گئی ہے۔ لہٰذا لیجر میں گرمیت کے کھاتے کو کریڈٹ کی جانب، تفصیلات کے کالم میں ''نقد'' 'کریڈٹ' کیا جائے گا۔ اسی طرح کیش بک کی کریڈٹ جانب والے سبھی کھاتوں کے ناموں کو نقد/ بذریعہ چیک ادا کردہ حوالے کے ساتھ ڈیبٹ کیا جاتا ہے۔ اب، غور کریں کہ ہماری مثال میں لین دین کو کس طرح متعلقہ لیجر کھاتوں میں چڑھایا جاتا ہے۔

### روپا ٹریڈرس کے بہی کھاتے

### گرمیت کا کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2010<br>نومبر 04 | نقد | | 12,000 |

### فروخت کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2010<br>نومبر 16<br>نومبر 27 | نقد<br>نقد | | 28,000<br>18,200 |

© NCERT not to be republished

## انشورنس کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>نومبر 08 | نقد | | 6,000 | | | | |

## فرنیچر کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>نومبر 13 | نقد | | 13,800 | | | | |

## خریداری کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>نومبر 17 | نقد | | 17,400 | | | | |

## اسٹیشنری کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>نومبر 20 | نقد | | 1,100 | | | | |

© NCERT not to be republished

## رکمنی کا کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>نومبر 24 | نقد | | 12,500 | | | | |

## کرایہ کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>نومبر 30 | نقد | | 2,500 | | | | |

## تنخواہ کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>نومبر 30 | نقد | | 3,500 | | | | |

## بینک کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>نومبر 30 | نقد | | 8,000 | | | | |


© NCERT not to be republished

### 4.1.2 دو کالم کی کیش بک (Double Column Cash Book)

اس قسم کی کیش بک میں، کیش بک کی ہر جانب رقم کے دو کالم ہوتے ہیں۔ درحقیقت آج کل بینک کے لین دین کافی بڑے پیمانے پر انجام دیے جاتے ہیں۔ بہت سی تنظیموں میں جہاں تک ممکن ہوسکتا ہے سبھی وصولیابیاں اور ادائیگیاں بینک کے ذریعے ہی کی جاتی ہیں۔


ایک بیوپاری عام طور پر بینک میں رواں کھاتہ (چالو کھاتہ) کھولتا ہے۔ بینک، کرنٹ اکاؤنٹ (رواں کھاتہ) میں بقایا پر کوئی سود نہیں دیتا بلکہ ایک چھوٹی سی رقم وضع کرتا ہے جسے بینک کے ذریعے پیش کی گئی خدمت کے عوض ضمنی اجرت (Incidental Charge) کہا جاتا ہے۔

نقد یا چیکوں کو بینک کھاتے میں جمع کرنے کے لیے ایک فارم کو پُر کیا جانا ہوتا ہے جسے ''رقم جمع کرنے کی پرچی'' (Pay-in-slip) کہا جاتا ہے (شکل 4.2 دیکھیں)۔ اس کے ساتھ ایک مثنیٰ (Counterfoil) بھی ہوتا ہے جسے گاہک (جمع کار) کو خزانچی کے دستخط کے ساتھ رسید کے طور پر واپس کیا جاتا ہے۔ بینک، رقم نکالنے کے مقصد سے کھاتہ دار (اکاؤنٹ ہولڈر) کو خالی چیک فارم جاری کرتا ہے (شکل 4.3 دیکھیں)۔ جمع کار اس فریق کا نام لکھتا ہے جسے چیک پر چھپے ہوئے لفظ 'Pay' کے بعد تحریر کرنے کے ذریعہ ادائیگی کی جانی ہوتی ہے۔ چیک فارموں پر 'Bearer' لفظ بھی چھپا ہوتا ہے جس کا مطلب ہے کہ ادائیگی اس شخص کو کی جانی ہے جس کا نام لفظ "Pay" کے بعد لکھا گیا ہے، یا چیک کے حامل شخص کو۔ جب لفظ "Bearer" کو لائن کھینچ کر کاٹ دیا جاتا ہے تو وہ چیک ''آرڈر چیک'' بن جاتا ہے جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اب ادائیگی اس شخص کو ہونی ہے جس کا نام چیک پر لکھا گیا ہے۔


STATE BANK OF INDIA
FOR THE CREDIT OF
AMOUNT (IN WORDS)


**شکل 4.2** رقم جمع کرنے کی پرچی

© NCERT not to be republished




**شکل 4.3** ایک چیک

چیکوں کو بالعموم، کراس، کردیا جاتا ہے۔ کراس (چیک پر دومتوازی لکیریں کھینچنا) کیے ہوئے چیک کی ادائیگی کاؤنٹر پر سیدھے پارٹی کونہیں کی جاسکتی۔ اسے صرف بینک کے ذریعے ادا کیا جانا ہوتا ہے۔ جب دومتوازی لکیریں چیک پر کھینچی جاتی ہیں، تب کہا جاتا ہے کہ اسے کراس کیا گیا ہے۔ کراس کرنے کے مختلف طریقوں کوشکل 4.4 میں دکھایا گیا ہے، یہ دراصل ادائیگی کی حفاظت کے مختلف طریقے ہیں۔




**شکل 4.4 :** کراسنگ (یعنی چیک وغیرہ پر دو متوازی خطوط کھینچنے) کے طریقے

اگر دومتوازی لکیروں کے درمیان "A/c Payee Only" لکھا گیا ہے تو چیک کی رقم کوصرف اس فرد کے کھاتے میں جمع کیا جاسکتا ہے جس کا نام چیک پر لکھا گیا ہے۔ جب دومتوازی لکیروں کے درمیان بینک کا نام لکھا گیا ہے، تب ایک مخصوص کراسنگ بن جاتی ہے اور ادائیگی صرف اس بینک کو کی جاسکتی ہے جس کا نام دولکیروں کے درمیان لکھا گیا ہو۔

© NCERT not to be republished

اگر کسی چیک کو کراس کرکے اس پر "A/c Payee Only" نہیں لکھا گیا ہے تو Payee (یعنی جس کے حق میں چیک کاٹا گیا ہے اس کو کسی دوسرے شخص کے نام منتقل کرسکتا ہے۔ البتہ ایسا شاذونادر ہی ہوتا ہے۔ بیرر چیک (Bearer Cheque) کو محض تحویل کے ذریعے منتقل کیا جاسکتا ہے جبکہ 'آرڈر چیک' کو تصدیق اور تحویل (Delivery) کے ذریعہ منتقل کیا جاسکتا ہے۔ تصدیق (Endorsement) کا مطلب ہے کہ کسی مخصوص فرد کے لیے چیک ادا کرنے کی ہدایات تحریر کرنا اور چیک کی پشت پر دستخط کرنا۔

جب بینک کے لین دین کی تعداد زیادہ ہو تب بینک کے لین دین کو جرنل میں اندراج کرنے کے بجائے اس مقصد کے لیے کیش بک میں ہی ایک علاحدہ رقم کالم رکھنا زیادہ موزوں ہوتا ہے۔ اس سے وقتاً فوقتاً بینک کھاتے کی حیثیت کے بارے میں معلومات حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے۔ بالکل نقد لین دین کی طرح بینک میں سبھی ادائیگیوں کو بائیں جانب درج کیا جاتا ہے اور بینک کے ذریعہ سبھی نکالی جانے والی رقم یا ادائیگیوں کو دائیں جانب درج کیا جاتا ہے۔ جب بینک میں نقد جمع کیا جاتا ہے یا بینک سے نقد رقم نکالی جاتی ہے تب دونوں اندراجات کو کیش بک میں درج کیا جاتا ہے۔ ایسا اس لیے ہوتا ہے کہ لین دین کے دونوں پہلو کیش بک سے پتہ چل جائیں۔ جب بینک میں نقد جمع کیا جاتا ہے تب جمع کی گئی رقم بینک کے کالم میں بائیں جانب تحریر کی جاتی ہے اور ساتھ ہی ساتھ وہی رقم نقد کے کالم میں دائیں جانب درج کی جاتی ہے۔ جب دفتر کے استعمال کے لیے بینک سے نقد رقم نکالی جاتی ہے تب معکوس اندراجات (Entries) درج کیے جاتے ہیں۔ اس طرح کے اندراجات کے مقابلے لفظ C جو Contra (متقابل) کی علامت ہے وہ لیجر فولیو (L.F.) کالم تحریر میں کیا جاتا ہے جو ظاہر کرتا ہے کہ ان اندراجات کو لیجر کھاتے میں نہیں چڑھایا جاتا ہے۔

بینک کالم کا میزان اس طرح ملایا جاتا ہے جیسا کہ نقد کالم میں کیا جاتا ہے۔ تاہم، بینک کے کالم میں بینک سے لیے جانے والے اوورڈرافٹ کے سبب کریڈٹ بقایا بھی ہوسکتا ہے۔ اوورڈرافٹ وہ صورتحال ہے جب بینک سے نکالی گئی رقم بینک میں جمع رقم سے تجاوز کر جاتی ہے۔ وصول کیے گئے چیکوں کے لحاظ سے اندراجات کیش بک کے بینک کالم میں کیے جانے چاہئیں۔ جب چیک وصول کیا جاتا ہے تب اسے بینک میں اسی دن یا دوسرے دن جمع کیا جاسکتا ہے۔ اگر اسی دن جمع کیا جاتا ہے تب ایسے معاملے میں وصولیابیوں کی جانب کیش بک کے بینک کالم میں رقم درج کی جاتی ہے۔ اگر چیک دوسرے دن جمع کیا جاتا ہے تب کالم میں وصولیابی کی تاریخ کو اسے نقد وصولی کے طور پر سمجھا جاتا ہے اور اس لیے وصولیابیوں یعنی رسید کی جانب نقد کالم میں درج کیا جاتا ہے۔ بینک میں جمع کرنے کے دن اسے رسید (Dr) کی جانب بینک کالم میں اور ادائیگی (Cr) کی جانب نقد کالم میں دکھایا جاتا ہے۔ یہ ایک متقابل اندراج (Contra Entry) ہے۔

اگر گاہک سے حاصل کیا گیا چیک ناقابل ادائیگی (Dishonoured) ہے، تب بینک اس ناقابل ادائیگی چیک کو واپس کرے گا اور فرم کے کھاتے میں ڈیبٹ کرے گا۔ اس طرح کے چیک کی وصولی یا بینک کی اطلاع پر، فرم بینک کالم میں واپس کیے

گئے چیک کی رقم کا اندراج کرکے کیش بک کی کریڈٹ جانب اور تفصیلات کے کالم میں گاہک کا نام درج کرے گی۔ اس اندراج سے گاہک سے چیک وصول ہونے اور بینک میں اس کے جمع کرنے سے پہلے والی حیثیت بحال ہوگی۔ کسی چیک کے ناقابل ادائیگی ہونے کا مطلب ہے بنا ادائیگی چیک کی واپسی جو عام طور پر بینک میں گاہک کے کھاتے میں ناکافی فنڈ کے سبب واقع ہوتی ہے۔

اگر بینک سود، کمیشن یا بینک خدمات کے لیے لی گئی دیگر اجرتوں کے سبب فرم کو ڈیبٹ کرتا ہے تب اندراج بینک کالم میں کریڈٹ جانب کیا جائے گا۔ اگر بینک فرم کے کھاتے میں کریڈٹ کرتا ہے تب موزوں کالم میں کیش بک کی ڈیبٹ جانب اندراج کیا جائے گا۔ دوکالمی کیش بک کا فارمیٹ شکل 4.5 میں دکھایا گیا ہے۔

## کیش بک

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | وصولی | L.F. | نقد روپے | بینک روپے | تاریخ | ادائیگی | L.F. | نقد روپے | بینک روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | |

**شکل 4.5:** دوہرے کالم والی کیش بک کا فارمیٹ

دوہرے کالم والی کیش بک میں لین دین کو کس طرح درج کیا جاتا ہے اب ہم اسے سیکھیں گے۔ مندرجہ ذیل مثال پر غور کیجیے:

یہ لین دین میسرز ٹولس انڈیا سے متعلق ہے۔

© NCERT not to be republished

| تاریخ | تفصیلات | رقم روپے |
|---|---|---|
| 2010 | | |
| 01ستمبر | بینک بیلنس | 42,000 |
| 01ستمبر | نقد بیلنس | 15,000 |
| 04ستمبر | خریداری بذریعہ چیک | 12,000 |
| 08ستمبر | اشیا کی نقد فروخت | 6,000 |
| 13ستمبر | مشینری کی خریداری بذریعہ چیک | 5,500 |
| 16ستمبر | اشیاء کی فروخت اور چیک کی وصولی (اسی دن جمع کیا گیا) | 4,500 |
| 17ستمبر | مریا ولا سے نقد اشیا کی نقد خریداری | 17,400 |
| 20ستمبر | اسٹیشنری کی خریداری بذریعہ چیک | 1,100 |
| 24ستمبر | روہت کو دیا گیا چیک | 1,500 |
| 27ستمبر | بینک سے نکالی گئی رقم | 10,000 |
| 30ستمبر | چیک کے ذریعہ ادا کیا گیا کرایہ | 2,500 |
| 30ستمبر | ادا کی گئی تنخواہ | 3,500 |

درج بالا کاروباری لین دین پر مبنی دوہرے کالم کی کیش بک درج ذیل طریقے سے تیار ہوگی۔

## کیش بک

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | وصولی | L.F. | نقد روپے | بینک روپے | تاریخ | ادائیگی | L.F. | نقد روپے | بینک روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | 2010 | | | | |
| ستمبر | | | | | ستمبر | | | | |
| 01 | بیلنس b/d | | 15,000 | 42,000 | 04 | خریداریاں | | 17,400 | 12,000 |
| 08 | فروخت | | 6,000 | | 13 | مشین | | | 5,500 |
| 16 | فروخت | | | 4,500 | 17 | خریداری | | | |
| 27 | بینک | C | 10,000 | | 20 | اسٹیشنری | | | |
| | | | | | 24 | روہت | | | 1,100 |
| | | | | | 27 | نقد | C | | 1,500 |
| | | | | | 30 | کرایہ | | | 10,000 |
| | | | | | 30 | تنخواہ | | 3,500 | 2,500 |
| | | | | | | بیلنس c/d | | 10,100 | 13,900 |
| اکتوبر | | | 31,000 | 46,500 | | | | 31,000 | 46,500 |
| 01 | بیلنس b/d | | 10,100 | 13,900 | | | | | |

© NCERT not to be republished

## دو کالمی کیش بک کے اندراجات کی منتقلی

جب کیش بک میں بینک کالم کا اہتمام کیا جاتا ہے، تب بینک کھاتہ بھی لیجر میں نہیں کھولا جاتا۔ بینک کا کالم ہی بینک کھاتے کے مقصد کی تکمیل کرتا ہے۔ C علامت کے اندراجات (متقابل اندراجات ہونے کے طور پر جیسا کہ پہلے واضح کیا گیا ہے) کو کیش بک سے لیجر میں منتقلی کے وقت نظر انداز کیا جاتا ہے۔ یہ اندراجات بینک کھاتے کے مقابل نقد کھاتے یا اس کے برعکس ڈیبٹ یا کریڈٹ کی نمائندگی کرتے ہیں۔ ہم دیکھیں گے کہ دوہرے کالم کی کیش بک میں درج کیے گئے لین دین انفرادی کھاتوں میں کس طرح منتقل کیے جاتے ہیں۔

### خریداری کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | | | |
| ستمبر 04 | بینک | | 12,000 | | | | |
| ستمبر 17 | نقد | | 17,400 | | | | |

### فروخت کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2010 | | | |
| | | | | ستمبر 08 | نقد | | 6,000 |
| | | | | ستمبر 16 | بینک | | 4,500 |

### مشینری کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | | | |
| ستمبر 13 | بینک | | 5,500 | | | | |

© NCERT not to be republished

## اسٹیشنری کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>20 ستمبر | بینک | | 1,100 | | | | |

## روہت کا کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>24 ستمبر | بینک | | 1,500 | | | | |

## کرایہ کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>30 ستمبر | بینک | | 2,500 | | | | |

## تنخواہ کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>30 ستمبر | نقد | | 3,500 | | | | |

درج کیے گئے لین دین انفرادی کھاتوں میں کس طرح منتقل ہوں گے؟

© NCERT not to be republished

### 4.1.3 خردہ نقد بہی (Petty Cash Book)

ہر تنظیم میں چھوٹی چھوٹی ادائیگیوں کی ایک بڑی تعداد ہوتی ہے جیسے کرایہ آمدورفت، ڈھلائی، محصول ڈاک، ٹیلی گرام اور دیگر اخراجات (جنہیں مجموعی طور پر متفرق اخراجات کے تحت درج کیا جاتا ہے)۔ یہ عام طور پر تکراری نوعیت کے ہوتے ہیں۔ اگر ان سبھی ادائیگیوں کو کارکھ رکھاؤ خزانچی کرے اور اصل کیش بک میں ان کا اندراج کیا جائے تو یہ عمل بہت زیادہ باعث زحمت ہو جائے گا۔ خزانچی پر ضرورت سے زیادہ کام کا بوجھ بڑھ سکتا ہے اور کیش بک بھی بہت ضخیم ہوسکتی ہے۔ اس سے بچنے کے لیے بڑی تنظیمیں عام طور پر ایک اور خزانچی (خردہ خزانچی) کا تقرر کرتی ہیں اور اس لین دین کو درج کرنے کے لیے علاحدہ کیش بک کا اہتمام کرتی ہیں۔ اس طرح کی کیش بک جس کا اہتمام خردہ خزانچی کے ذریعہ کیا جاتا ہے اسے خردہ کیش بک (Petty Cash Book) کہا جاتا ہے۔

خردہ خزانچی، پیشگی نظام (Imprest System) کے تحت کام کرتا ہے۔ اس نظام کے تحت ایک معین رقم (بالفرض 2,000 روپے) ایک مخصوص مدت کی شروعات پر خردہ خزانچی کو دی جاتی ہے۔ اس رقم کو پیشگی رقم کہا جاتا ہے۔ خردہ خزانچی اس پیشگی رقم سے تمام چھوٹی ادائیگیاں انجام دیتا ہے، اور جب وہ پیشگی رقم کا خاصہ حصہ خرچ کر لیتا ہے بالفرض 1,780 تب وہ بڑے خزانچی (Head Cashier) سے خرچ کی گئی رقم کو بھی حاصل کر لیتا ہے۔ اس طرح اس کے پاس اگلی مدت کی شروعات میں پھر پوری پیشگی رقم موجود ہوتی ہے۔ یہ بے باقی ہفتہ وار، پندرہ روز یا ماہانہ بنیاد پر ممکن ہے جو کہ چھوٹی ادائیگیوں کے تواتر پر منحصر ہے (بعض معاملوں میں خردہ نقد کے نظام کو خود بڑی کیش بک کے ذریعہ ہی چلایا جاتا ہے۔ اس طرح کی مثالوں میں خردہ کیش بک کا اہتمام آزادانہ طور پر نہیں کیا جاتا ہے)۔

خردہ کیش بک میں عام طور پر پہلے دیگر رقم کالم کے علاوہ ادائیگی کی جانب (کریڈٹ) رقم کے لیے متعدد کالم ہوتے ہیں۔ ہر رقم کالم کو مخصوص ادائیگیوں کی مدوں کے لیے جو کہ نہایت عام ہوتی ہیں، متعین کیا جاتا ہے۔ آخری رقم کالم کو ''متفرق'' (Miscellaneous) کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے اس کے بعد کیفیت (Remarks) کا کالم آتا ہے۔ متفرق کالم میں وہ ادائیگیاں ہوتی ہیں جن کے لیے کوئی علاحدہ کالم موجود نہیں ہوتا۔ کیفیت کے کالم میں ادائیگی کی نوعیت درج کی جاتی ہے۔ مدت کے آخر میں سبھی رقم کالموں کا میزان کیا جاتا ہے۔ کل رقم کالم، کل خرچ کی گئی اور بے باقی کی جانے والی رقم کا اظہار کرتا ہے۔ وصولیابی (ڈیبٹ) کی جانب صرف ایک رقم کالم ہوتا ہے۔ تاریخ، واؤچر نمبر اور تفصیلات کے لیے کالم وصولیابیوں اور ادائیگیوں دونوں کے لیے مشترک ہوتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

## باکس 1

### خردہ کیش بک استعمال کرنے کے فوائد

1۔ بڑے خزانچی کے وقت اور محنت کی بچت: بڑے خزانچی یا چیف ہیڈ خزانچی کو خردہ ادائیگیوں کو انجام دینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ وہ اس تمام لین دین پر اپنی توجہ مرکوز کر سکتا ہے جس میں بڑی مقدار میں نقد رقم کی شمولیت ہو۔ اس سے بڑے خزانچی کے وقت اور محنت کی بچت ہوتی ہے اور اس سے اس کو اپنے منصبی فرائض زیادہ موثر طور پر انجام دینے میں مدد ملتی ہے۔

2۔ نقد ادائیگیوں پر موثر کنٹرول: کام کی تقسیم کے سبب کیش کنٹرول زیادہ آسان ہو جاتا ہے۔ ہیڈ کیشیر بڑی ادائیگیوں پر سیدھے طور سے اور خردہ ادائیگیوں پر خردہ خزانچی کے کاموں پر موزوں و جانچ کے ذریعہ کنٹرول رکھ سکتا ہے۔ اس طرح جعل سازی اور خورد برد وغیرہ کا عمل نہایت مشکل ہو جاتا ہے۔

3۔ آسان اندراج: بڑی کیش بک میں اگر خردہ ادائیگیوں کا اندراج کیا جائے تو وہ نہایت ضخیم ہو جاتی ہے اور ساتھ ہی ساتھ اس کو سنبھالنا بھی مشکل ہوتا ہے۔ مزید برآں اصول ضرورت کے تحت بھی بڑی کیش بک میں غیر ضروری تفصیلات دینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس طرح کیش بک سے صرف ضروری اور مفید معلومات کا ہی پتہ چلتا ہے۔

اس طرح کی چھوٹی ادائیگیوں کا اندراج کرنا آسان بن جاتا ہے کیونکہ مختلف قسم کے اخراجات کے کل میزان کو ہی لیجر میں منتقل کیا جاتا ہے۔ اس سے لیجر میں انفرادی مدوں کو چڑھانے میں دقت اور محنت کی بچت ہوتی ہے۔ مختصراً یہ کہا جا سکتا ہے کہ خردہ کیش بک تیار کرنا، لاگت کو کم کرنے کی ترکیب ہے۔

مثال کے لیے، میسرز سائرہ ٹریڈرس کے خردہ خزانچی نے 01 مئی، 2005 کو 2,000 روپے بڑے خزانچی سے وصول کیے تھے۔ اس ماہ کے لیے خردہ اخراجات کی تفصیلات یہاں بیان کی جاتی ہیں:

| تاریخ | تفصیلات | رقم<br>روپے |
|---|---|---|
| 2010<br>مئی | | |
| 02 | آٹو کرایہ | 55 |
| 03 | کوریر خدمات | 40 |
| 04 | ڈاک ٹکٹیں | 105 |
| 05 | ربر/ پینسل تراش/ پینسل/ پیڈس | 225 |

© NCERT not to be republished

| | | |
|---|---|---|
| 98 | اسپیڈ پوسٹ چیز | 06 |
| 195 | ٹیکسی کرایہ(105 روپے+90 روپے) | 08 |
| 85 | ہلکا ناشتہ | 08 |
| 60 | آٹو کرایہ | 10 |
| 42 | رجسٹری کے لیے محصول ڈاک | 12 |
| 34 | ٹیلی گرام | 13 |
| 25 | ڈھلائی | 14 |
| 165 | کمپیوٹر کی اسٹیشنری | 16 |
| 24 | بس کرایہ | 19 |
| 87 | STD فون | 19 |
| 60 | آفس کی صفائی بشمول جراثیم کش کیمیائی مادے(24 + 36روپے) | 20 |
| 45 | ہلکا ناشتہ | 22 |
| 47 | فوٹو کاپی کرانے کی قیمت | 23 |
| 40 | کوریر خدمات | 28 |
| 40 | ڈھلائی کی مزدوری | 29 |
| 15 | بس کرایہ | 30 |

## خردہ کیش بک سے اندراج منتقل کرنا

خردہ کی بک کو وقتاً فو قتاً سے متوازن کیا جاتا ہے۔کل وصولیابیوں اور کل ادائیگیوں میں جو فرق ہوتا ہے وہی خردہ خزانچی کے پاس باقی کے طور پر رہتا ہے۔ بقایا کو اگلی مدت کے لیے لے آگے جانا ہوتا ہے اور خردہ خزانچی کو اس رقم کی ادائیگی کی جاتی ہے جو اصل میں خرچ ہوئی ہے۔خردہ نقد کھاتہ لیجر میں کھولا جاتا ہے۔اسے خردہ خزانچی کو دی گئی رقم کے ساتھ ڈیبٹ کیا جاتا ہے اور خردہ کیش بک کے مطابق اس مدت کے دوران واقع ہونے والے کل اخراجات کے ساتھ متفرقات وتحریر کرنے کے ذریعہ خردہ نقد کھاتے کو کریڈٹ کیا جاتا ہے۔خردہ نقد کھاتے کا میزان ملایا جاتا ہے۔فرق خردہ خزانچی کے پاس اصل نقد کو ظاہر کرتا ہے۔

© NCERT not to be republished

| وصول کی گئی رقم | تاریخ | تفصیلات | واؤچر نمبر | ادا کی گئی رقم | ادائیگیوں کا تجزیہ | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| روپے | مئی 2005 | | | روپے | محصول ڈاک | ٹیلی فون و ٹیلی گرام | کرایہ آمدورفت | اسٹیشنری | متفرق |
| 2,000 | 01 | وصول کیا گیا نقد | | | | | | | |
| | 02 | آٹو کرایہ | | 55 | | | 55 | | |
| | 03 | کوریر خدمات | | 40 | 40 | | | | |
| | 04 | ڈاک ٹکٹیں | | 105 | 105 | | | | |
| | 05 | ربر/پینسل تراش/پنسل | | 225 | | | | 225 | |
| | 06 | اسپیڈ پوسٹ چارجز | | 98 | 98 | | | | |
| | 08 | ٹیکسی کرایہ (90+105) | | 195 | | | 195 | | |
| | 08 | ہلکاناشتہ | | 85 | | | | | 85 |
| | 10 | آٹو کرایہ | | 60 | | | 60 | | |
| | 12 | رجسٹرڈ پوسٹل چارجز | | 42 | 42 | | | | |
| | 13 | ٹیلی گرام | | 34 | | 34 | | | |
| | 14 | ڈھلائی | | 25 | | | | | 25 |
| | 16 | کمپیوٹر اسٹیشنری | | 165 | | | | 165 | |
| | 19 | بس کرایہ | | 24 | | | 24 | | |
| | 19 | STD فون چارجز | | 87 | | 87 | | | |
| | 20 | آفس کی صفائی جس میں جراثیم کش ادویہ شامل ہیں (24 + 35 روپے) | | 60 | | | | | 60 |
| | | ہلکاناشتہ | | | | | | | |
| | 22 | فوٹو اسٹیٹ چارجز | | 45 | | | | | 45 |
| | 23 | کوریر خدمات | | 47 | | | | | 47 |
| | 28 | باربرداری | | 40 | 40 | | | | |
| | 29 | بس کرایہ | | 40 | | | | | 40 |
| | 30 | | | 15 | | | 15 | | |
| | | بیلنس c/d | | 1,487 | 325 | 121 | 349 | 390 | 302 |
| | 31 | | | 513 | | | | | |
| 2,000 | جون | بقایا b/d | | 2,000 | | | | | |
| 513 | 01 | نقد وصول | | | | | | | |
| 1,487 | 02 | | | | | | | | |

## سائرہ ٹریڈرس کی کے بہی کھاتے

### جرنل

| تاریخ | تفصیلات | | L.F. | ڈیبٹ رقم روپے | کریڈٹ رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | |
| مئی 01 | خردہ نقد کھاتہ | Dr | | 2,000 | |
| | نقد کھاتے کو | | | | 2,000 |
| | خردہ خزانچی کو ادا کیا گیا نقد | | | | |
| مئی 31 | ڈاک کھاتہ | Dr | | 325 | |
| | ٹیلی فون و ٹیلی گرام کھاتہ | Dr | | 121 | |
| | کرایہ آمد و رفت کھاتہ | Dr | | 349 | |
| | اسٹیشنری کھاتہ | Dr | | 390 | |
| | متفرق اخراجات کھاتہ | Dr | | 302 | |
| | خردہ نقد کھاتے کو | | | | 1,487 |
| | (خردہ اخراجات خردہ نقد کھاتہ میں چڑھائے گئے) | | | | |
| | خردہ نقد کھاتہ | Dr | | 1,487 | |
| | نقد کھاتہ | | | | 1,487 |
| | (خردہ خزانچی کو ادا کیا گیا نقد) | | | | |

### خردہ نقد کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| مئی 01 | نقد | | 2,000 | مئی 31 | متفرقات مطابق خردہ کیش بک | | 1,487 |
| | | | | مئی 31 | بیلنس c/d | | 513 |
| | | | 2,000 | | | | 2,000 |
| جون 01 | بیلنس b/d | | 513 | | | | |
| جون 01 | نقد | | 1,487 | | | | |

© NCERT not to be republished

## سائرہ ٹریڈرس کی کے بہی کھاتے

### محصول ڈاک

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>مئی 31 | خردہ نقد | | 325 | | | | |

### ٹیلی فون اور ٹیلی گرام کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>مئی 31 | خردہ نقد | | 121 | | | | |

### کرایہ آمدورفت کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>مئی 31 | خردہ نقد | | 349 | | | | |

### اسٹیشنری کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>مئی 31 | خردہ نقد | | 390 | | | | |

© NCERT not to be republished

## متفرق اخراجات کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>مئی 31 | خردہ نقد | | 302 | | | | |

### 4.1.4 کیش بک کو متوازن کرنا (Balancing of Cash Book)

وہ سبھی نقد لین دین جو نقد وصولیابیوں (ڈیبٹ) سے متعلق ہیں بائیں جانب اور وہ سبھی لین دین جو نقد ادائیگیوں (کریڈٹ) سے متعلق ہیں دائیں جانب تاریخ وار درج کیے جاتے ہیں۔ جب کسی کیش بک کا اہتمام کیا جاتا ہے تب لیجر میں ایک علاحدہ کیش بک نہیں کھولی جاتی۔ کیش بک اسی طرح متوازن کی جاتی ہے جس طرح لیجر میں کسی کھاتے کا توازن کیا جاتا ہے۔ لیکن یہاں یہ بات غور کرنے کی ہے کہ کیش بک کے معاملے میں ہمیشہ ڈیبٹ بیلنس ہوگا کیونکہ نقد ادائیگیاں، نقد وصولیابیوں اور مدت کی شروعات پر موجود نقدی سے کبھی تجاوز نہیں کرسکتیں۔

نقد وصولیابیوں کے لیے ماخذ دستاویز عام طور پر خزانچی کے ذریعہ جاری کی گئی رسید کی مثنیٰ نقل ہوتی ہے۔ ادائیگی کسی دستاویز، بیجک، بل یا رسید وغیرہ کی بنیاد پر کی جاتی ہے جو کیش بک میں لین دین کو درج کرنے کے لیے ماخذ دستاویز کے طور پر کام کرتی ہے۔ جب ادائیگی کی جاتی ہے تب یہ سبھی دستاویزات جنہیں عام طور پر واؤچر کہا جاتا ہے، ان پر سیریل نمبر ڈالے جاتے ہیں اور مستقبل کے حوالے اور تصدیق کے لیے ان کو الگ فائل میں فائل کیا جاتا ہے۔

**مثال 1**

میسرز کنتیا ٹریڈرس کے ذریعہ کیے جانے والے درج ذیل لین دین سے واحد کالمی کیش بک تیار کیجیے۔

| تاریخ | تفصیلات | رقم روپے |
|---|---|---|
| 2010 | | |
| 01 ستمبر | نقد باقی | 40,000 |
| 02 ستمبر | بینک میں جمع | 16,000 |
| 04 ستمبر | 12,000 روپے کے مطالبے کا مکمل تصفیہ جو پنیت سے وصول کیا گیا | 11,700 |
| 05 ستمبر | 7,000 روپے کے مطالبے کا مکمل تصفیہ جو رکمنی کو نقد ادا کیا گیا | 6,850 |

© NCERT not to be republished

| | | |
|---|---|---|
| 06 ستمبر | سدھیر کو اشیا کی نقد فروخت | 14,800 |
| 06 ستمبر | مالک کی بیوی کے لیے پالیسی پر سہ ماہی بیمہ قسط ادا کی گئی | 2,740 |
| 07 ستمبر | دفتر کا فرنیچر خریدا گیا | 8,000 |
| 07 ستمبر | اسٹیشنری خریدی گئی | 1,700 |
| 07 ستمبر | ادا کیا گیا کرایہ باربرداری (ڈھلائی) | 120 |
| 10 ستمبر | کمال کو ادا کیا گیا، ان کے ذریعہ منظور کی گئی رعایت6,800 روپے دوسو روپے | 6,800 |
| 11 ستمبر | گرمیت سے وصول انہیں منظور کی گئی کٹوتی 500 روپے | 14,500 |
| 12 ستمبر | گھریلو استعمال کے لیے نکالی گئی رقم | 5,000 |
| 14 ستمبر | بجلی کا بل ادا کیا گیا | 1,160 |
| 17 ستمبر | نقد فروخت اشیا | 23,000 |
| 21 ستمبر | نقد بنیاد پر کمال سے خریدی گئی اشیا | 17,000 |
| 24 ستمبر | ٹیلی فون چارجز ادا کیے گئے | 2,300 |
| 26 ستمبر | محصول ڈاک ادا کیا گیا | 520 |
| 28 ستمبر | ماہانہ کرایہ دیا گیا | 4,200 |
| 29 ستمبر | ماہانہ اجرتیں اور تنخواہیں ادا کی گئیں | 8,250 |
| 29 ستمبر | نقد خریدی گئی اشیا | 11,000 |
| 30 ستمبر | نقد فروخت کی گئی اشیا | 15,600 |

حل

## کنتیا ٹریڈرس کے کھاتوں کی کتابیں (Books of Kuntia Traders)

### کیش

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | وصولی | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | ادائیگی | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2005 | | | |
| 01 ستمبر | بیلنس b/d | | 40,000 | ستمبر 02 | بینک | | 16,000 |
| 04 ستمبر | پنیت | | 11,700 | ستمبر 05 | رکمنی | | 6,850 |
| ستمبر 06 | فروخت | | 14,800 | ستمبر 06 | ڈرائنگ (ذاتی استعمال) | | 2,740 |

© NCERT not to be republished

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 11 ستمبر | گرمیت | | 14,500 | ستمبر 07 | آفس فرنیچر | | 8,000 |
| 17 ستمبر | فروخت | | 23,000 | ستمبر 07 | اسٹیشنری | | 1,700 |
| 30 ستمبر | فروخت | | 15,600 | ستمبر 07 | کرایہ باربرداری | | 120 |
| | | | | ستمبر 10 | کمل | | 6,800 |
| | | | | ستمبر 12 | ڈرائینگ (ذاتی استعمال) | | 5000 |
| | | | | ستمبر 14 | بجلی کے چارجز | | 1,160 |
| | | | | ستمبر 21 | خریداریاں | | 17,000 |
| | | | | ستمبر 24 | ٹیلی فون چارجز | | 2,300 |
| | | | | ستمبر 28 | محصول ڈاک | | 520 |
| | | | | ستمبر 29 | کرایہ | | 4,200 |
| | | | | ستمبر 29 | اجرتیں اور تنخواہیں | | 8,250 |
| | | | | ستمبر 30 | خریداریاں | | 11,000 |
| | | | | ستمبر 30 | بیلنس c/d | | 27,960 |
| 01اکتوبر | بیلنس b/d | | 1,19,600 | | | | 1,19,600 |
| | | | 27,960 | | | | |

**مثال2**

دو کالمی کیش بک میں درج ذیل لین دین درج کریں اور اس کو متوازن کریں

| تاریخ | تفصیلات | رقم<br>روپے |
|---|---|---|
| 2010 | | |
| 01اگست | نقد بقایا | 15,000 |
| | بینک بقایا | 10,000 |
| 03اگست | بذریعہ چیک بیمہ قسط ادا کی گئی | 4,200 |
| 08اگست | نقد فروخت | 22,000 |
| | نقد کٹوتی(Discount) | 750 |
| 09اگست | نقد خریداریوں کے لیے ادائیگی | 21,000 |
| | نقد کٹوتی | 700 |

| | | |
|---|---|---|
| 15,000 | بینک میں نقد جمع | 09اگست |
| 2,300 | بذریعہ چیک ٹیلی فون بل ادا کیا گیا | 10اگست |
| 6,000 | ذاتی استعمال کے لیے بینک سے نکالا گیا | 14اگست |
| 14,500 | آفس استعمال کے لیے بینک سے نکالا گیا | 16اگست |
| 10,700 | جون سے مکمل اور حتمی تصفیے کے لیے بذریعہ چیک وصول کیا گیا اور یہی رقم بینک میں جمع کی گئی | 20اگست |
| 6,850 | مائیکل سے نقد وصول کیا گیا | 23اگست |
| 150 | نقد کٹوتی منظور کی گئی | |
| 1,800 | نقد اسٹیشنری خریدی گئی | 24اگست |
| 350 | نقد کرایہ ادا کیا گیا | 25اگست |
| 4,500 | کمار سے چیک وصول کیا گیا | 25اگست |
| 4,500 | کمار سے وصول کیے گئے چیک کو بینک میں جمع کیا گیا | 28اگست |
| | 28/اگست کے کو نا قابل قبول اور بینک سے واپس کیے گئے چیک کو جمع کیا گیا | 31اگست |
| 4,000 | کرایہ ادائیگی بذریعہ چیک | 31اگست |
| 3,000 | چوکیدار کو نقد ادائیگی اجرت | 31اگست |
| 220 | محصول ڈاک کے لیے نقد ادائیگی | 31اگست |

حل

## نقد بہی

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | وصولی | L.F. | نقد روپے | بینک روپے | تاریخ | ادائیگی | L.F. | نقد روپے | بینک |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | اگست | | | | |
| اگست 01 | بیلنس b/d | | 15,000 | 10,000 | 03 | بیمہ | | | 4,200 |
| 08 | فروخت | | 22,000 | | 09 | خریداریاں | | 21,000 | |
| 09 | نقد | C | | 15,000 | 09 | بینک | C | 15,000 | |
| 16 | بینک | C | 14,500 | | 10 | ٹیلی فون اخراجات | | | 2,300 |

© NCERT not to be republished

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 20 | جون | | | 10,700 | 14 | ذاتی استعمال (ڈرائنگ) | C | | 6,000 |
| 23 | مائیکل | | 6,850 | | 16 | نقد | | | 14,500 |
| 25 | کمار | | 4,500 | | 24 | چھپائی اور اسٹیشنری | | 1,800 | |
| | | | | | 25 | کرایہ | C | 350 | |
| 28 | نقد | C | | 4,500 | 28 | بینک | | 4,500 | |
| 31 | بقایا | | | 6,000 | 31 | کمار | | | 4,500 |
| | | | | | 31 | کرایہ | | | 4,000 |
| | | | | | 31 | اجرتیں | | 3,000 | |
| | | | | | 31 | محصول ڈاک | | 220 | |
| | | | | | 31 | بیلنس c/d | | 16,980 | 4,700 |
| | | | 62,850 | 40,200 | | | | 62,850 | 40,200 |
| ستمبر 01 | بیلنس b/d | | 16,980 | 4,700 | | | | | |

**مثال3**

ماہ جنوری 2010 کے لیے میسرز لیزر زون کے درج ذیل لین دین سے بینک کالم والی کیش بک تیار کیجیے اور انہیں متعلقہ لیجر کھاتوں میں چڑھایئے۔

| تاریخ | تفصیلات | رقم روپے |
|---|---|---|
| 2010 | | |
| 01 جنوری | نقد بقایا | 4,000 |
| | بینک اوورڈرافٹ | 3,200 |
| 04 جنوری | ادا کی گئی اجرت | 400 |
| 05 جنوری | نقد فروخت | 7,000 |
| 07 جنوری | چیک کے ذریعہ خریدی گئی اشیا | 2,000 |
| 09 جنوری | نقد خریدا گیا فرنیچر | 2,200 |
| 11 جنوری | روہت کو نقد ادائیگی | 2,000 |
| 13 جنوری | نقد فروخت | 4,500 |
| 14 جنوری | بینک میں جمع کیے گئے | 7,000 |

© NCERT not to be republished

| | | |
|---|---|---|
| 16 جنوری | بینک کے ذریعہ اوورڈرافٹ پر لگایا گیا سود | 200 |
| 20 جنوری | ٹیلی فون بل ادا کیا گیا بذریعہ چیک | 600 |
| 25 جنوری | اشیا کی فروخت اور وصول کیا گیا چیک (اسی دن جمع کیا گیا) | 3,000 |
| 27 جنوری | کرایہ ادا کیا گیا | 800 |
| 29 جنوری | ذاتی استعمال کے لیے نقد نکالا گیا | 500 |
| 30 جنوری | تنخواہ ادا کی گئی | 1,000 |
| 31 جنوری | بینک کے ذریعہ جمع کیا گیا سود | 1,700 |

**حل**

## لیزرزون کے بہی کھاتہ (Cash Book)

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | وصولی | L.F. | نقد روپے | بینک روپے | تاریخ | ادائیگی | L.F. | نقد روپے | بینک |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | 2005 | | | | |
| 01 جنوری | بیلنس b/d | | 4,000 | | 01 جنوری | بقایہ b/d | | | 3,200 |
| 05 | فروخت | | 7,000 | | 04 | اجرتیں | | 400 | |
| 13 | فروخت | | 4,500 | | 07 | خریداری | | | 2,000 |
| 14 | نقد | C | | 7,000 | 09 | فرنیچر | | 2,200 | |
| 25 | فروخت | | | 3,000 | 11 | روہت | | 2,200 | |
| 31 | سود | | | 1,700 | 14 | بینک | C | 7,000 | |
| | | | | | 16 | اوورڈرافٹ سود | | | 200 |
| | | | | | 20 | ٹیلی فون | | | 600 |
| | | | | | 27 | کرایہ | | 800 | |
| | | | | | 29 | ذاتی استعمال | | 500 | |
| | | | | | 30 | تنخواہ | | 1,000 | |
| | | | | | 01 | بیلنس b/d | | 1,600 | 5,700 |
| | | | 15,500 | 11,700 | | | | 15,500 | 11,700 |
| 01 اکتوبر | بیلنس b/d | | 1,600 | 5,700 | | | | | |

© NCERT not to be republished

## اجرت کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>04جنوری | نقد | | 400 | | | | |

## فروخت کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2010 | | | |
| | | | | 05جنوری | نقد | | 7,000 |
| | | | | 13جنوری | نقد | | 4,500 |
| | | | | 25جنوری | بینک | | 3,000 |

## خریداری کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>07جنوری | بینک | | 2.000 | | | | |

## فرنیچر کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>09جنوری | نقد | | 2,200 | | | | |

© NCERT not to be republished

## روہت کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>جنوری 11 | نقد | | 2,000 | | | | |

## اوورڈرافٹ سود (ادا کیا گیا) کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>جنوری 16 | بینک | | 200 | | | | |

## ٹیلی فون اخراجات کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>جنوری 20 | بینک | | 600 | | | | |

## کرایہ کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>جنوری 27 | نقد | | 800 | | | | |

© NCERT not to be republished

## ذاتی استعمال (Drawings) کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>جنوری29 | نقد | | 500 | | | | |

## تنخواہ کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>جنوری30 | نقد | | 1,000 | | | | |

## سود (وصول کیا گیا) کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2010<br>جنوری31 | بینک | | 1,700 |

**مثال 4**

میسرز ایڈوانس ٹکنالوجی پرائیویٹ لمیٹڈ کی دوہرے کالم کی کیش بک ماہ دسمبر 2010 کے لیے درج ذیل لین دین سے تیار کریں۔

| تاریخ | تفصیلات | رقم روپے |
|---|---|---|
| 2010 | | |
| دسمبر01 | نقد بقایا | 3,065 |
| | بینک میں | 6,780 |
| دسمبر02 | خردہ خزانچی کو نقد ادا کیا گیا | 1,000 |

© NCERT not to be republished

| | | |
|---|---|---|
| 03 دسمبر | پریا سے وصول کیا گیا چیک | 3,000 |
| 04 دسمبر | نقد فروخت | 2,000 |
| 05 دسمبر | بینک میں جمع کیا گیا | 1,200 |
| 06 دسمبر | بینک میں پریا کا جمع کیا گیا چیک | 3,000 |
| 08 دسمبر | بذریعہ چیک فرنیچر خریدا گیا | 6,500 |
| 10 دسمبر | کاروباری اخراجات ادا کیے گئے | 400 |
| 12 دسمبر | نقد فروخت | 9,000 |
| 13 دسمبر | بینک چارجز | 300 |
| 15 دسمبر | بینک کے ذریعہ جمع کیے گئے ڈویڈینڈ | 1,200 |
| 16 دسمبر | بجلی بل ادا کیا گیا بذریعہ چیک | 600 |
| 17 دسمبر | نقد خریداریاں | 2,000 |
| 19 دسمبر | اشتہار کے لیے محنتانہ ادائیگی | 1,000 |
| 21 دسمبر | اشیا فروخت کی گئی اور چیک وصول کیا گیا (اسی دن جمع کیا گیا) | 6,000 |
| 22 دسمبر | قانونی محنتانہ ادا کیا گیا | 500 |
| 23 دسمبر | ذاتی استعمال کے لیے بینک سے نکالا گیا | 2,000 |
| 24 دسمبر | کاروباری اخراجات کے ادائیگی | 340 |
| 25 دسمبر | چھپائی بل بک کی چھپائی کے لیے ادائیگی | 850 |
| 26 دسمبر | بذریعہ چیک قسط کی ادائیگی | 2,150 |
| 27 دسمبر | نقد فروخت | 7,200 |
| 28 دسمبر | بذریعہ چیک ادا کی گئی تنخواہ | 4,000 |
| 29 دسمبر | کرایہ ادا کیا گیا | 3,000 |
| 30 دسمبر | بذریعہ چیک کمیشن وصول کیا گیا (اسی دن جمع کیا گیا) | 2,500 |
| 31 دسمبر | بذریعہ چیک خیرات دی گئی | 800 |

© NCERT not to be republished

حل

## ایڈوانس ٹکنالوجی کے بہی کھاتے

## کیش بک (Cash Book)

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | وصولی | L.F. | نقد روپے | بینک روپے | تاریخ | ادائیگی | L.F. | نقد روپے | بینک |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | 2005 | | | | |
| دسمبر 01 | بیلنس b/d | | 3,065 | 6,780 | دسمبر 02 | خردہ خزانچی | | 1,000 | |
| 03 | پریا | | 3,000 | | 05 | بینک | **C** | 1,200 | |
| 04 | فروخت | | 2,000 | | 06 | بینک | **C** | 3,000 | |
| 05 | نقد | **C** | | 1,200 | 08 | فرنیچر | | | 6,500 |
| 06 | نقد | **C** | | 3,000 | 10 | کاروباری اخراجات | | 400 | |
| 12 | فروخت | | 9,000 | | 13 | بینک اخراجات | | | 300 |
| 15 | ڈیویڈینڈ | | | 1,200 | 16 | بجلی کے اخراجات | | | 600 |
| 21 | فروخت | | | 6,000 | 17 | خریداریاں | | 2,000 | |
| 27 | فروخت | | 7,200 | | 19 | اشتہارات | | 1,000 | |
| 30 | کمیشن | | | 2,500 | 22 | قانونی محنتانہ | | 500 | |
| | | | | | 23 | ذاتی استعمال | | | 2,000 |
| | | | | | 24 | کاروباری خراجات | | 340 | |
| | | | | | 25 | چھپائی | | 850 | |
| | | | | | 26 | بیمہ قسط | | | 2,150 |
| | | | | | 28 | تنخواہ | | | 4,000 |
| | | | | | 29 | کرایہ | | 3,000 | |
| | | | | | 31 | خیرات | | | 800 |
| | | | | | 31 | بیلنس c/d | | 10,975 | 4,330 |
| | | | 24,265 | 20,680 | | | | 24,265 | 20,680 |
| 2006 | | | | | | | | | |
| جنوری 01 | بیلنس b/d | | 10,975 | 4,330 | | | | | |

© NCERT not to be republished

(ii) لیجر پوسٹنگ (لیجر میں چڑھانا)

### خردہ خزانچی کھاتہ (Petty Cashier's Account)

Dr. | Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>02 دسمبر | نقد | | 1,000 | | | | |

### پریا کا کھاتہ

Dr. | Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2010<br>03 دسمبر | نقد | | 3,000 |

### فروخت کھاتہ

Dr. | Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2010 | | | |
| | | | | 04 دسمبر | نقد | | 2,000 |
| | | | | 12 دسمبر | نقد | | 9,000 |
| | | | | 21 دسمبر | بینک | | 6,000 |
| | | | | 27 دسمبر | نقد | | 7.200 |

### فرنیچر کھاتہ

Dr. | Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>08 دسمبر | بینک | | 6,500 | | | | |

© NCERT not to be republished

## کھاتہ کاروباری اخراجات

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>01 دسمبر | **بینک** | | 400 | | | | |

## بینک چارجز کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>13 دسمبر | **بینک** | | 300 | | | | |

## ڈیویڈینڈ کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2010<br>15 دسمبر | **بینک** | | 1,200 |

## بجلی اجرت کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>16 دسمبر | **بینک** | | 600 | | | | |

© NCERT not to be republished

## خریداری کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>17 دسمبر | نقد | | 2,000 | | | | |

## اشتہارات کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>19 دسمبر | نقد | | 1,000 | | | | |

## قانونی محنتانہ کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>22 دسمبر | نقد | | 500 | | | | |

## ذاتی استعمال کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>24 دسمبر | بینک | | 2,000 | | | | |

© NCERT not to be republished

## کاروباری اخراجات کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>24 دسمبر | نقد | | 340 | | | | |

## چھپائی کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>دسمبر | نقد | | 850 | | | | |

## بیمہ قسط کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>26 دسمبر | بینک | | 2,150 | | | | |

## تنخواہ کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>28 دسمبر | بینک | | 4000 | | | | |

© NCERT not to be republished

### کرایہ کھاتہ

| Dr. | | | | | | | Cr. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
| 2010<br>29 دسمبر | نقد | | 3,000 | | | | |

### کمیشن وصول کیا گیا کھاتہ

| Dr. | | | | | | | Cr. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
| | | | | 2005<br>30 دسمبر | بینک | | 2,500 |

### خیرات کھاتہ

| Dr. | | | | | | | Cr. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
| 2010<br>31 دسمبر | بینک | | 800 | | | | |

## 4.2 خریداریاں (جرنل) بہی [Purchases (Journal) Book]

اشیا کی سبھی ادھار خریداریاں، خریداریوں کے جرنل میں درج کی جاتی ہیں جبکہ نقد خریداریوں کو کیش بک میں درج کیا جاتا ہے۔ آفس کا ساز وسامان، فرنیچر اور عمارت وغیرہ کی خریداری اگر ادھار کی گئی ہے تو اس کا اندراج جرنل اصل (Journal Proper) میں ہوگا اور اگر ان جیسی اشیا کی خریداری نقد کی گئی ہے تو اندراج کیش بک میں ہوگا۔ وہ بیجک یا بل جو فرم سامان کے سپلایر سے حاصل کرتی ہے وہ بہی کے اندر اندراجات کے ریکارڈ کرنے میں ماخذی دستاویزات (Source Documents) کا کام دیتے ہیں اندراج، بیجک کی نیٹ رقم (Net Amount) کا کیا جاتا ہے۔ بیجک کی تجارتی کٹوتی اور دیگر تفصیلات کو اس بہی میں درج کیے جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ خریداریوں کے جرنل کا فارمیٹ شکل 4.6 میں دکھایا گیا ہے۔

© NCERT not to be republished

## خریداریاں (جرنل) بہی

| رقم<br>روپے | لیجر<br>فولیو | سپلایر کا نام<br>(کھاتے کو کریڈٹ کیا جائے گا) | بیجک<br>نمبر | تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

**شکل 4.6:** خریداریاں (جرنل) بہی

خریداریوں کی بہی کے ماہانہ میزان، لیجر میں خریداری کھاتے کے ڈیبٹ میں چڑھائے جاتے ہیں۔ انفرادی سپلایروں کے کھاتے روزانہ چڑھائے جاسکتے ہیں۔ میسرز کنیکا ٹریڈرس سے حاصل درج ذیل تفصیلات پر غور کریں اور مشاہدہ کریں کہ خریداری جرنل میں ان اندراجات کو کس طرح درج کیا جاتا ہے۔

| تفصیلات | تاریخ |
|---|---|
| | 2010 |
| میسرز نیما الکٹرانکس (بیجک نمبر 3250) سے خریدے گئے: 20 چھوٹے سائز کے ٹی وی کی شرح 2000 روپے فی عدد، 15 ٹیپ ریکارڈرس کی شرح 12,500 روپے فی عدد۔ سبھی مدوں کی شرح 20% تجارتی رعایت | اگست 04 |
| میسرز پون الکٹرانکس (بیجک نمبر 8260) سے خریدے گئے: 10 ویڈیو کیسٹ کی شرح 150 روپے فی عدد، 20 ٹیپ ریکارڈرس کی شرح 1,650 فی عدد۔ خریداریوں پر کی شرح 10% سے تجارتی رعایت۔ | اگست 10 |
| میسرز ناردرن الکٹرانکس (بیجک نمبر 4256) سے خریدے گئے: 15 ناردن اسٹیریو کی شرح 4,000 روپے فی عدد، 20 ناردرن کلر ٹی۔ وی۔ کی شرح 14,500 روپے فی عدد۔ تجارتی رعایت کی شرح 12.5% | اگست 18 |
| میسرز نیما الکٹرانکس (بیجک نمبر 3294) سے خریدے گئے: 10 چھوٹے سائز کی ٹی وی کی شرح 1,000 فی عدد، 5 کلر ٹی وی کی شرح 12,500 روپے فی عدد، تجارتی کٹوتی کی شرح 20% | اگست 26 |
| میسرز پون الکٹرانکس (بیجک نمبر 8281) سے خریدے گئے: 20 ویڈیو کیسٹ کی شرح 150 روپے فی عدد، 25 ٹیپ ریکارڈرس 1,600 روپے فی عدد۔ تجارتی رعایت کی شرح 10% | اگست 29 |

© NCERT not to be republished

## کنیکا ٹریڈرس کے بہی کھاتے
## خریداریاں (جرنل) بہی

| تاریخ | بیجک نمبر | سپلایر کا نام (کھاتے کو کریڈٹ کیا جائے گا) | لیجر فولیو | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | |
| اگست 04 | 3250 | نیما الکٹرانکس | | 1,82,000 |
| اگست 01 | 8260 | پون الکٹرانکس | | 31,050 |
| اگست 18 | 4256 | ناردرن الکٹرانکس | | 3,06,250 |
| اگست 26 | 3294 | نیما الیکٹرانکس | | 54,000 |
| اگست 29 | 8281 | پون الیکٹرانکس | | 38,700 |
| اگست 31 | | | | 6,12,000 |

خریداری جرنل کے اندراجات متعلقہ رقوم کے ساتھ متعلقہ کھاتوں میں روزانہ کریڈٹ جانب پوسٹ کیے جاتے ہیں۔خریداری جرنل کے میزان خریداری کھاتے کے ڈیبٹ جانب معیاری طور پرعموماً ماہانہ بنیاد پر پوسٹ کیے جاتے ہیں۔تاہم اگر لین دین کی تعداد بہت زیادہ ہے تو میزان کرنے اور مناسب پوسٹنگ کرنے کا کام وقفے جیسے یومیہ، ہفتہ وار یا پندرہ روزہ پرانجام دیا جاسکتا ہے۔خریداری جرنل سے لیجر میں چڑھانے کو نیچے مثال کے ذریعہ سمجھایا گیا ہے۔

## کنیکا الیکٹرانکس کی بہی
## نیما الکٹرانکس

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2010 | | | |
| | | | | اگست 04 | خریداریاں | | 1,82,000 |
| | | | | اگست 26 | خریداریاں | | 54,000 |

### پون الکٹرانکس

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2005 | | | |
| | | | | اگست 10 | خریداریاں | | 31,050 |
| | | | | اگست 29 | خریداریاں | | 38,700 |

### ناردرن الکٹرانکس

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2005 | | | |
| | | | | اگست 18 | خریداریاں | | 3,06,250 |

### خریداری کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | | | |
| اگست 31 | **متفرقات** مطابق خریداری جرنل | | 6,12,000 | | | | |

## 4.3 خریداری واپسی (جرنل) بہی [Purchases Return (Journal) Book]

اس بہی میں اشیا کی خریداری واپسی درج کی جاتی ہے۔ کبھی کبھی جو اشیا خریدی جاتی ہیں انہیں مختلف اسباب جیسے اشیا کا ناقص ہونا یا مطلوبہ معیار سے کوالٹی کا کام ہونا وغیرہ کی بنا پر واپس کردیا جاتا ہے۔ ہر واپسی کے لیے ایک ڈیبٹ نوٹ (ڈپلیکیٹ) تیار کیا جاتا ہے اور سپلائر کی بہی میں ضروری اندراجات کے لیے اصل اسے بھیج دیا جاتا ہے۔ سپلائر بھی ایک نوٹ تیار کرسکتا ہے جسے

© NCERT not to be republished

کریڈٹ نوٹ کہا جاتا ہے۔خریداری واپسی جرنل میں اندراجات درج کرنے کے لیے ماخذ دستاویز عموماً ڈیبٹ نوٹ ہی ہوتا ہے۔ڈیبٹ نوٹ میں پارٹی کا نام (جسے اشیا واپس کی گئی ہیں)، واپس کی گئی اشیا کی تفصیلات اور اشیا کی واپسی کا سبب لکھا جاتا ہے۔ ہر ڈیبٹ نوٹ پر سیریل نمبر پڑا ہوتا ہے اور تاریخ ڈالی جاتی ہے۔خریداری واپسی جرنل کا فارمیٹ شکل (a)4.7 میں دکھایا گیا ہے۔

### خریداری واپسی (جرنل) بہی

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | ڈیبٹ نوٹ نمبر | سپلایر کا نام کھاتہ ڈیبٹ کیا جائے گا | لیجر فولیو | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

**شکل (a) 4.7** خریداری واپسی (جرنل) بہی کا فارمیٹ

## باکس 2

### ڈیبٹ اور کریڈٹ نوٹس (Notes)

ایک ڈیبٹ نوٹ وہ دستاویز ہے جو کریڈٹ پر فروخت کے علاوہ کسی دوسرے سبب سے پارٹی کے خلاف ڈیبٹ کی توثیق کرتا ہے۔ یہ معلوم ہونے پر کہ جو اشیا فراہم کی گئی ہیں وہ دیے گئے آرڈر کی شرائط کے مطابق نہیں ہیں تو، ناقص اشیا اس کے سپلایر کو واپس کردی جاتی ہیں اور سپلایر کو ڈیبٹ کے لیے نوٹ تیار کیا جاتا ہے یا اگر کسی گاہک سے اضافی رقم وصول کرنی ہو تب اضافی واجبات کے ساتھ گاہک کو ڈیبٹ کرنے کے لیے اس طرح کے نوٹ تیار کیے جاتے ہیں۔ان دونوں حالتوں میں اس نوٹ کو ڈیبٹ نوٹ کہا جاتا ہے (شکل (b)4.7 دیکھیں)۔

کریڈٹ نوٹ اس وقت تیار کیا جاتا ہے جب کسی پارٹی کو کریڈٹ خریداری کے سوا کسی اور وجہ سے کریڈٹ دیا جانا ہوتا ہے۔ اسے لال روشنائی میں تیار کرنا ایک عام رواج ہے۔ جب اشیا گاہک سے واپس مل جاتی ہیں تب ایک کریڈٹ نوٹ اسے بھیج دیا جاتا ہے۔کریڈٹ نوٹ کا مجوزہ پروفارما شکل (c) 4.7 میں دکھایا گیا ہے۔

© NCERT not to be republished

© NCERT not to be republished

**نوٹ جاری کرنے والی فرم کا نام**

نمبر
فرم کا پتہ
جاری کرنے کی تاریخ..................

**ڈیبٹ نوٹ**

بنام: سپلایر کا نام
اشیا ڈلیوری چالان نمبر کے مطابق واپس کی گئیں
(واپس کردہ اشیا کی تفصیلات) رقم (روپے)
(.................روپے)
منیجر کے دستخط معہ تاریخ

**شکل (b) 4.7** ڈیبٹ نوٹ کا ایک نمونہ

**نوٹ جاری کرنے والی فرم کا نام**

نمبر
فرم کا پتہ
جاری کرنے کی تاریخ................

**کریڈٹ نوٹ**

بنام: گاہک کا نام
اشیا گاہک چالان نمبر کے مطابق واپس ہوئیں رقم (روپے)
(واپس اشیا کی تفصیلات)
(.................روپے)
منیجر کے دستخط معہ تاریخ

**شکل 4.7(c)** : کریڈٹ نوٹ کا ایک نمونہ

کنیکا ٹریڈرس کی خریداری (جرنل) بہی ملاحظہ کریں آپ دیکھیں گے کہ 20 چھوٹے سائز کے ٹی۔ وی اور 15 ٹیپ ریکارڈرس نیا الکٹرانکس سے 1,82,000 روپے میں خریدے گئے تھے۔ تاہم سپردگی پر 2 چھوٹے سائز کے ٹی۔وی اور ٹیپ ریکارڈر ناقص پائے گئے اور ڈیبٹ نوٹ نمبر 03/2010 کے مطابق واپس کیے گئے تھے۔ اس معاملے میں خریداری واپسی بہی کھاتے درج ذیل طور پر تیار کیے جائیں گے۔

## خریداری واپسی (جرنل) بہی

Dr. Cr.

| رقم روپے | لیجر فولیو | سپلایر کا نام کھاتہ ڈیبٹ کیا جائے گا | ڈیبٹ نوٹ نمبر | تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| 13,200 | | نیا الیکٹرانکس | 03/2010 | |
| 13,200 | | | | |

خریداری واپسی (جرنل) سے منتقلی (Posting) کے وقت ضرورت اس امر کی ہوتی ہے کہ سپلایر کے انفرادی کھاتوں سے واپسی کی رقم کو ڈیبٹ کیا جائے اور خریداری واپسی کھاتے کو میعادی میزان کے ساتھ کریڈٹ کیا جائے۔

## نیا الکٹرانکس کھاتہ

Dr. Cr.

| رقم (روپے) | جرنل فولیو | تفصیلات | تاریخ | رقم (روپے) | جرنل فولیو | تفصیلات | تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 13,200 | | خریداری واپسی | |

## خریداری واپسی کھاتہ

Dr. Cr.

| رقم (روپے) | جرنل فولیو | تفصیلات | تاریخ | رقم (روپے) | جرنل فولیو | تفصیلات | تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 13,200 | | متفرقات مطابق خریداری واپسی بہی | | | | | |

## 4.4 فروخت (جرنل) بہی [Sales (Journal) Book]

کاروبار کی ساری کریڈٹ فروخت کو ''فروخت جرنل'' میں درج کیا جاتا ہے۔ نقد فروخت کو کیش بک (Cash Book) میں درج کیا جاتا ہے۔ فروخت جرنل کا فارمیٹ اسی خریداری جرنل کی طرح ہے جسے پہلے واضح کیا جاچکا ہے۔ فروخت جرنل میں

© NCERT not to be republished

اندراجات درج کرنے کے لیے ماخذی دستاویز (Source Document) فروخت کے بیجک ہوتے ہیں جو کہ فرم کے ذریعہ گاہکوں کو جاری کیے جاتے ہیں۔ فروخت کی تاریخ۔ بیجک نمبر، گاہک کا نام اور بیجک کی رقم کو فروخت جرنل میں درج کیا جاتا ہے۔ فروخت سے متعلق لین دین کے بارے میں دیگر تفصیلات جس میں ادائیگی کی شرائط بھی شامل ہیں بیجک میں دستیاب ہوتی ہیں۔ درحقیقت فروخت بیجک دو یا دو سے زیادہ کی نقول ہر فروخت کے لیے تیار کی جاتی ہیں، کھاتہ نویس (Book keeper) فروخت بیجک کی ایک نقل سے فروخت جرنل میں اندراجات کرتا ہے۔ فروخت جرنل کے فارمیٹ کو شکل 4.8 میں دکھایا گیا ہے۔ فروخت جرنل میں ایک اضافی کالم گاہک سے وصول کیے گئے اور ایک مقررہ وقت کے اندر حکومت کو ادا کیے جانے والے فروخت ٹیکس کو درج کرنے کے لیے شامل کیا جاسکتا ہے۔ میعادی طور پر ہر ماہ کے آخر میں کالم کی رقم جمع کی جاتی ہے اور لیجر میں فروخت کھاتے کے کریڈٹ میں پوسٹ کی جاتی ہے۔ انفرادی گاہک کھاتوں کی ڈیبٹ جانب روزانہ منتقلی (Posting) کی جاسکتی ہے۔

### فروخت (جرنل) بہی

| رقم<br>روپے | L.F. | گاهك كا نام<br>ڈیبٹ کیا جانے والا کھاتہ | بیجك<br>نمبر | تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

شکل 4.8 فروخت (جرنل) کیش بك کا فارمیٹ

مثال کے لیے میسرز کوئنا سپلائیز نے مندرجہ ذیل سامان ادھار فروخت کیا:

(i) رمن ٹریڈرس کو دو عدد واٹر پیوریفائر کی شرح 2,100 روپے فی عدد اور پانچ بالٹیاں شرح 130 روپے فی عدد (بیجک نمبر 178 مورخہ 06 اپریل، 2010)۔

(ii) پانچ روڈ سائیڈ کنٹینرس کی شرح 4,200 روپے فی عدد میسرز نوتن انٹر پرائیز کو (بیجک نمبر 180 مورخہ 09 اپریل، 2010)۔

(iii) 100 بڑی بالٹیاں کی شرح 850 روپے فی عدد میسرز رحمان ٹریڈرس کو (بیجک نمبر 209 مورخہ 28 اپریل، 2010)۔

اوپر بیان کیے گئے لین دین کو ذیل کے مطابق فروخت جرنل میں درج کیا جاسکتا ہے:

© NCERT not to be republished

## بکس آف کوئنا سپلائرس

## خریداری واپسی (جرنل) کتاب

Dr. Cr.

| تاریخ | بیجک نمبر | گاہک کا نام<br>ڈیبٹ کیا جانے والا کھاتہ | L.F. | رقم<br>روپے |
|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | |
| اپریل06 | | رمن ٹریڈرس | | 4,850 |
| اپریل09 | | نوتن انٹر پرائزیز | | 21,000 |
| اپریل28 | | رمن ٹریڈرس | | 85,000 |
| اپریل30 | | | | 1,10,850 |

فروخت جرنل سے گاہک کے لیجر کھاتوں میں پوسٹنگ ڈیبٹ جانب رکھی جاتی ہے۔خریداری جرنل کی طرح، انفرادی گاہک کھاتوں کو متعلقہ رقوم کے ساتھ عام طور پر روزانہ پوسٹ کیا جاتا ہے۔فروخت جرنل کا میعادی طور پر (عموماً مہینے میں ایک بار) کل میزان کر لیا جاتا ہے اور اس میزان کو لیجر میں فروخت کھاتے میں کریڈٹ کیا جاتا ہے۔فروخت (جرنل) بہی کو جس کے بارے میں اوپر سمجھایا گیا ہے درج ذیل طریقے سے متعلقہ لیجر کھاتے میں پوسٹ کیا جائے گا:

### رمن ٹریڈرس کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | | | |
| اپریل06 | فروخت | | 4,850 | | | | |
| اپریل28 | فروخت | | 85,000 | | | | |

### نوتن انٹر پرائزیز کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | | | |
| اپریل01 | فروخت | | 21,000 | | | | |

© NCERT not to be republished

### فروخت کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2010<br>30 اپریل | متفرقات<br>فروخت بہی کے مطابق | | 1,10,850 |

## 4.5 فروخت واپسی (جرنل) بہی [Sales Return (Journal) Book]

اس جرنل کا استعمال گاہکوں کے ذریعہ اشیا کی واپسی کو انہیں کریڈٹ پر درج کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ گاہک سے اشیا کی وصولی پر ایک کریڈٹ نوٹ تیار کیا جاتا ہے بالکل ایسے ہی جیسا کہ پہلے ڈیبٹ نوٹ کے بارے میں بتایا جا چکا ہے۔ کریڈٹ نوٹ اور ڈیبٹ نوٹ کے درمیان فرق یہ ہے کہ کریڈٹ نوٹ فروخت کار کے ذریعہ تیار کیا جاتا ہے جبکہ ڈیبٹ نوٹ خریدار کے ذریعہ تیار کیا جاتا ہے۔ ڈیبٹ نوٹ کی طرح کریڈٹ نوٹ کو بھی ڈپلیکیٹ میں تیار کیا جاتا ہے اور گاہک کے نام واپس ہوئی کاروباری اشیا کی تفصیلات اور رقم سے متعلق تفصیل پر مشتمل ہوتا ہے۔ فروخت واپسی بہی میں اندراجات درج کرنے کے لیے ماخذ دستاویز کریڈٹ نوٹ ہے۔ فروخت واپسی کا فارمیٹ شکل 4.9 میں دکھایا گیا ہے۔

### فروخت واپسی (جرنل) بہی

| تاریخ | کریڈٹ نمبر | گاھک کا نام (کریڈٹ کیا جانے والا کھاتہ) | L.F. | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

**شکل 4.9** : فروخت واپسی (جرنل) کافارمیٹ

کوئینا سپلائر کی فروخت واپسی (جرنل) بہی سے رجوع کریں۔ آپ پائیں گے کہ دو واٹر پیوریفائر رمن ٹریڈرس کو 2,100 روپے فی عدد کے حساب سے فروخت کیے گئے تھے جن میں سے ایک پیوریفائر، مینوفیکچرنگ نقص کے سبب واپس ہو گیا تھا (کریڈٹ نوٹ نمبر 10/2010- اس معاملے میں فروخت واپسی (جرنل) بہی درج ذیل طور پر تیار ہوگی:

© NCERT not to be republished

## فروخت واپسی (جرنل) بہی

| رقم روپے | L.F. | گاهک کا نام (کریڈٹ کیا جانے والا کھاتہ) | کریڈٹ نمبر | تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| 2,100 | | رمن ٹریڈرس | 10/2010 | |
| 2,100 | | | | |

فروخت واپسی جرنل کی پوسٹنگ میں ضروری یہ ہوتا ہے کہ گاہک کے کھاتے کو واپسی کی رقم کے ساتھ کریڈٹ کیا جائے اور فروخت کو میعادی جمع کے ساتھ ڈیبٹ کیا جائے جیسا کہ خریداریوں کے جنرل سے پوسٹنگ کے معاملے میں کیا جاتا ہے۔

### رمن ٹریڈرس کھاتہ

Dr. Cr.

| رقم (روپے) | جرنل فولیو | تفصیلات | تاریخ | رقم (روپے) | جرنل فولیو | تفصیلات | تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2,100 | | فروخت واپسی | | | | | |

### فروخت واپسی کھاتہ

Dr. Cr.

| رقم (روپے) | جرنل فولیو | تفصیلات | تاریخ | رقم (روپے) | جرنل فولیو | تفصیلات | تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2,100 | | مفترقات فروخت واپسی بہی کے مطابق | |

**مثال 5**

میسرز ہائی لائف فیشن کی درج ذیل لین دین کو خریداری اور خریداری واپسی بہی میں درج کریں اور ستمبر ماہ 2005 کے لیے لیجر کھاتوں میں انہیں چڑھائیں۔

© NCERT not to be republished

| تاریخ | تفصیلات |
|---|---|
| 01 ستمبر | میسرز رتنا ٹریڈرس سے کریڈٹ پر درج ذیل اشیا کی خریداری بیجک نمبر 714 کے مطابق<br>25 قمیصیں 300 روپے فی قمیص کے حساب سے<br>20 پینٹیں 300 روپے فی پینٹ کے حساب سے<br>تجارتی چھوٹ 10% |
| 08 ستمبر | میسرز بامبے فیشن ہاؤس سے کریڈٹ پر درج ذیل اشیا کی خرید بیجک نمبر 327 کے مطابق<br>10 فینسی پائجامے 500 روپے فی پائجامہ<br>20 فینسی ہیٹ 100 روپے فی ہیٹ<br>تجارتی چھوٹ 5% |
| 10 ستمبر | میسرز رتنا ٹریڈرس کو اشیا کی واپسی ڈیبٹ نوٹ نمبر 102 کے مطابق<br>3 قمیصیں 300 فی قمیص<br>1 پینٹ 700 فی پینٹ<br>تجارتی چھوٹ 10% کم کریں |
| 15 ستمبر | میسرز زولتا فیشن سے کریڈٹ پر درج ذیل اشیا کی خریداری بیجک نمبر 6781 کے مطابق<br>10 جیکٹ 1000 روپے فی جیکٹ<br>5 سادہ شرٹ 200 روے فی شرٹ<br>تجارتی چھوٹ 15% کم کریں |
| 20 ستمبر | میسرز برائڈ پیلیس سے کریڈٹ پر درج ذیل اشیا کی خریداری بیجک نمبر 1076 کے مطابق<br>10 فینسی لہنگا 2,000 روپے فی لہنگا<br>5% کمی بطور تجارتی چھوٹ |
| 24 ستمبر | ڈیبٹ نوٹ 103 کے مطابق بامبے فیشن ہاؤس کو واپسی اشیا ڈیبٹ نوٹ 103 کے مطابق<br>2 فینسی پائجامے 500 روپے فی پائجامہ<br>4 فینسی ہیٹ 100 روپے فی ہیٹ<br>5% کمی بطور تجارتی چھوٹ |
| 28 ستمبر | میسرز برائڈ پیلیس کو ڈیبٹ نوٹ 105 کے مطابق اشیا کی واپسی<br>1 فینسی لہنگا 2,000 روپے فی لہنگا<br>5% تجارتی رعایت گھٹائیں۔ |

© NCERT not to be republished

حل

## ہائی لائف فیشن کھاتوں کی کتابیں

### خریداری (جرنل) بہی

| تاریخ | بیجك نمبر | سپلائر کا نام (کریڈٹ کیا جانے والا کھاتہ) | L.F. | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | |
| 01 ستمبر | 714 | رتنا ٹریڈرس | | 19,350 |
| 08 ستمبر | 327 | بامبے فیشن ہاؤس | | 6,650 |
| 15 ستمبر | 6781 | زولٹا فیشن | | 9,350 |
| 20 ستمبر | 1076 | برائڈ پیلیس | | 19,000 |
| 30 ستمبر | | | | 54,350 |

### خریداری واپسی (جرنل) بہی

| تاریخ | بیجك نمبر | سپلائر کا نام (کھاتہ ڈیبٹ کیا جانا ھے) | L.F. | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | |
| 10 ستمبر | 102 | رتنا ٹریڈرس | | 1,440 |
| 24 ستمبر | 103 | بامبے فیشن ہاؤس | | 1,330 |
| 28 ستمبر | 106 | برائڈ پیلیس | | 1,900 |
| 30 ستمبر | | | | 4,670 |

(ii) لیجر میں چڑھانا

## ہائی لائف فیشن کے کھاتوں کی کتابیں

### رتنا ٹریڈرس اکاؤنٹ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2005 | | | |
| 01 ستمبر | خریداری واپسی | | 1,440 | 01 ستمبر | خریداریاں | | 19,350 |

© NCERT not to be republished

## بامبے فیشن ہاؤس کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>24 ستمبر | خریداری واپسی | | 1,330 | 2010<br>08 ستمبر | خریداریاں | | 6,650 |

## زولٹا فیشن کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2010<br>15 ستمبر | خریداریاں | | 9,350 |

## برائڈ پیلیس کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>28 ستمبر | خریداری واپسی | | 1,900 | 2010<br>20 ستمبر | خریداریاں | | 19,000 |

## خریداری کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>30 ستمبر | خریداری جرنل کے مطابق متفرقات | | 54,350 | | | | |

© NCERT not to be republished

## خریداری واپسی کھاتہ

Dr. | Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2010 30 ستمبر | متفرقات خریداری واپسی بہی کے مطابق | | 4,670 |

**مثال 6**

میسرز ونیت اسٹورس کی فروخت اور فروخت واپسی بہی میں درج ذیل لین دین درج کریں۔

| تاریخ | تفصیلات |
|---|---|
| دسمبر 01 | میسرز روہت اسٹورس کو بیجک نمبر 325 کے مطابق کریڈٹ پر درج ذیل اشیا فروخت کی گئیں<br>30 کتب اطفال، 60 روپے فی کتاب<br>20 کتب حیوانات، 50 روپے فی کتاب |
| دسمبر 05 | بیجک نمبر 328 کے مطابق میرا اسٹور کو کریڈٹ پر درج ذیل اشیا کی فروخت کی گئیں<br>100 گریٹنگ کارڈس، 12 روپے فی عدد<br>50 موسیقی کارڈس، 50 روپے فی عدد<br>تجارتی چھوٹ، 5% کم کریں |
| دسمبر 10 | بیجک نمبر 329 کے مطابق میسرز میگا اسٹیشنرس کو کریڈٹ پر اشیا کی فروخت کی گئیں<br>50 رائٹنگ پیڈس، 20 روپے فی عدد<br>50 کلر بکس، 30 روپے فی عدد<br>20 روشنائی پیڈس 16 فی عدد |
| دسمبر 15 | میسرز روہت اسٹور سے کریڈٹ نوٹ نمبر 201 کے مطابق اشیا کی واپسی<br>2 کتب اطفال، 60 روپے فی عدد<br>1 کتب حیوانات، 50 روپے فی عدد |

© NCERT not to be republished

| | |
|---|---|
| بیجک نمبر 355 کے مطابق میسرز آبھا ٹریڈرس کو کریڈٹ پر اشیا کی فروخت | 19 دسمبر |
| 100 کارڈس بکس، 10 روپے فی عدد | |
| 50 نوٹ بکس، 35 روپے فی عدد | |
| تجارتی رعایت 5% کم کریں | |
| کریڈٹ نوٹ 204 کے مطابق میسرز میگا اسٹیشنرس سے اشیا کی واپسی | 22 دسمبر |
| 2 کلر بکس، 30 روپے فی عدد | |
| بیجک نمبر 325 کے مطابق بھارتی اسٹورس کو کریڈٹ پر اشیا کی فروخت | 26 دسمبر |
| 100 گریٹنگ کارڈس، 20 روپے فی عدد | |
| 100 فینسی لفافے، 5 فی عدد | |
| میسرز آبھا ٹریڈس سے اشیا کی واپسی کریڈٹ نوٹ نمبر 207 کے مطابق | 30 دسمبر |
| 20 کارڈس بکس، 10 روپے فی عدد | |
| 5 نوٹ بکس، 35 روپے فی عدد | |
| تجارتی رعایت 5% کم کریں | |

حل

## ونیت اسٹورس کے کھاتوں کی کتابیں
## فروخت (جرنل) بہی

| رقم<br>روپے | J.F. | گاھك كا نام<br>(كھاته ڈیبٹ كیا جانا ھے) | بیجك<br>نمبر | تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | 2010 |
| 2,800 | | روہت اسٹورس | 325 | 01 دسمبر |
| 3,515 | | میرا اسٹورس | 328 | 05 دسمبر |
| 2,820 | | میگا اسٹیشنرس | 329 | 10 دسمبر |
| 2,375 | | ابھا ٹریڈرس | 335 | 19 دسمبر |
| 2,500 | | بھارتی اسٹورس | 340 | 26 دسمبر |
| 14,010 | | | | 31 دسمبر |

© NCERT not to be republished

## فروخت واپسی (جرنل) بہی

| تاریخ | بیجک نمبر | گاہک کا نام (کھاتہ کریڈٹ کیا جاتا ھے) | L.F. | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | |
| دسمبر 15 | 201 | روہت اسٹورس | | 170 |
| دسمبر 22 | 204 | میگا اسٹیشنرس | | 150 |
| دسمبر 30 | 206 | آبھا ٹریڈرس | | 333 |
| دسمبر 31 | | | | 653 |

(ii) لیجر میں چڑھانا

### روہت اسٹورس کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| دسمبر 01 | فروخت | | 1,800 | دسمبر 15 | فروخت واپسی | | 170 |

### میرا اسٹورس کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | | | |
| دسمبر 05 | فروخت | | 3,515 | | | | |

### میگا اسٹیشنرس کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| دسمبر 10 | فروخت | | 2,820 | دسمبر 22 | فروخت واپسی | | 150 |

© NCERT not to be republished

## آبھا ٹریڈرس کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>19 دسمبر | فروخت | | 2,375 | 30 دسمبر | فروخت واپس | | 333 |

## بھارتی اسٹورس کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>26 دسمبر | فروخت | | 2,500 | | | | |

## فروخت کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 31 دسمبر | متفرقات مطابق فروخت بہی | | 14,010 |

## فروخت واپسی کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>31 دسمبر | متفرقات مطابق فروخت بہی | | 653 | | | | |

© NCERT not to be republished

## 4.6 جرنل اصل (Journal Proper)

جس بہی سے ایسے لین دین درج ہوتے ہیں جنہیں خصوصی جرنلوں میں جگہ نہیں ملتی اس بہی کو جرنل اصل (Journal Proper) یا جرنل بقایا (Journal Residual) کے طور پر جانا جاتا ہے۔

اس جرنل میں درج ذیل لین دین کو درج کیا جاتا ہے:

1۔ افتتاحی اندراج: نئے حساب داری سال کی شروعات میں بہی کھاتوں کے نئے مجموعے کھولنے اور ان میں اثاثوں، واجبات اور اصل کے افتتاحی بیلنس درج کرنے کے لیے اس میں جرنل میں افتتاحی اندراج کیا جاتا ہے۔

2۔ تطبیقی اندراجات *(Adjustment Entries)*: باقی کرایہ، پیشگی ادا کردہ بیمہ، فرسودگی (Depreciation) اور پیشگی وصول کیے گئے کمیشن وغیرہ کے حصول کی بنیاد پر لیجر کھاتے کو تازہ ترین کرنے کے لیے اس طرح کے تطبیقی اندراجات، حسابداری مدت کے آخر میں کیے جاتے ہیں۔

3۔ درستگی اندراجات: اصل اندراج کے بہی کھاتوں میں لین دین کو درج کرنے میں غلطیوں کو دور کرنے اور لیجر کھاتوں میں انہیں چڑھانے کے لیے اس جرنل کا استعمال کیا جاتا ہے۔

4۔ منتقلی اندراجات: حسابی سال کے آخر میں ڈرائینگ کھاتے کو کیپیٹل کھاتے میں منتقل کیا جاتا ہے۔ اخراجات کھاتے اور آمدنی کھاتے جن کا متوازن کرنے کے وقت بقایا نہیں نکالا جاتا انہیں مخصوص لین دین کو درج کرنے کے لیے کھولا جاتا ہے۔ کاروبار سے متعلق کھاتوں جیسے فروخت، خریداری، افتتاحی اسٹاک، آمدنی، حصولیابی اور اخراجات وغیرہ اور ڈرائینگ (وصولی) کو سال کے آخر میں بند کیا جاتا ہے اور ان کے میزان/ بقایا کو جرنل اندراجات درج کرنے کے ذریعہ ٹریڈنگ اور نفع ونقصان کھاتے میں منتقل کیا جاتا ہے۔ انہیں اختتامی اندراجات (Clossing Entries) کہا جاتا ہے۔

5۔ دیگر اندراجات: اوپر درج کیے گئے 1 تا 4 اندراجات کے علاوہ جرنل اصل میں درج ذیل لین دین کو بھی درج کیا جاتا ہے:

(i) چیک کے نا قابل ادائیگی (Dishonous) ہو جانے کے وقت وصول کی گئی چھوٹ (Discount) یا پہلے سے منظور شدہ ڈسکاؤنٹ کی منسوخی کے لیے اندراج

(ii) اشیا کے سوا کریڈٹ پر خرید وفروخت کی مدیں۔

(iii) ذاتی استعمال کے لیے مالک کے ذریعہ نکالی گئی اشیا۔

(iv) فروخت کو بڑھاوا دینے (Sales Promotion) کے لیے سیمپل کے طور پر سامان کی تقسیم۔

(v) بل آف ایکسچینج کی تصدیق اور نا قابل ادائیگی (Endorsement and Dishonour)۔

(vi) مال کی ترسیل اور جوائینٹ وینچر کے متعلق لین دین وغیرہ۔

(vii) آگ یا چوری یا خراب ہونے کی وجہ سے اشیا کا نقصان۔

## اپنی فہم کی جانچ کیجیے I

درست جواب کا انتخاب کریں:

(a) جب کوئی فرم کسی کیش بک کا استعمال کرتی ہے تب اسے استعمال کرنے کی ضرورت نہیں ہے:
(i) جرنل اصل کا
(ii) خریداری (جرنل) بہی
(iii) فروخت یا بکری (جرنل) بہی
(iv) لیجر میں بینک اور نقد کھاتے

(b) دوہرے کالم کی کیش بک میں درج کیا جاتا ہے؟
(i) سبھی لین دین
(ii) نقد اور بینک لین دین
(iii) صرف نقد لین دین
(iv) صرف ادھار لین دین

(c) نقد پر خریدی گئی اشیا کو درج کیا جاتا ہے۔
(i) خریداری (جرنل) بہی میں
(ii) بکری (جرنل) بہی میں
(iii) کیش بک میں
(iv) خرید واپسی (جرنل) بہی میں

(d) کیش بک میں لین دین درج نہیں کیا جاتا:
(i) نقد نوعیت کا
(ii) ادھار نوعیت کا
(iii) نقد اور ادھار نوعیت
(iv) ان میں سے کسی کا نہیں

(e) اس تمام لین دین کی میزان کو خرید کھاتے میں چڑھایا جاتا ہے:
(i) فرنیچر کی خرید
(ii) نقد اور ادھار خرید
(iii) خرید واپسی
(iv) اسٹیشنری کی خرید

© NCERT not to be republished

(f) فروخت واپسی جرنل کی میعادی میزان (Periodic Total) کو چڑھایا جاتا ہے:

(i) فروخت یا بکری کھاتہ میں

(ii) اشیا کھاتہ میں

(iii) خرید واپسی کھاتہ میں

(iv) فروخت واپسی کھاتہ میں

(g) کیش بک میں بینک کھاتے کا کریڈٹ بیلنس ظاہر کرتا ہے:

(i) اوورڈرافٹ

(ii) ہمارے بینک میں جمع شدہ نقد

(iii) بینک سے نکالا گیا نقد

(iv) ان میں سے کوئی نہیں

(h) خرید واپسی جرنل کے میعادی میزان کو چڑھایا جاتا ہے:

(i) خرید کھاتہ میں

(ii) نفع ونقصان کھاتہ میں

(iii) خرید واپسی کھاتہ میں

(iv) فرنیچر کھاتہ میں

(i) کھاتوں کے توازن کرنے کا مطلب ہے:

(i) ڈیبٹ جانب کا میزان

(ii) کریڈٹ جانب کا میزان

(iii) ڈیبٹ اور کریڈٹ کے میزان کا فرق

(iv) ان میں سے کوئی نہیں

## 4.7 کھاتوں کا توازن (Balancing the Accounts)

لیجر میں کھاتوں کو میعادی طور پر متوازن کیا جاتا ہے، عام طور پر حسابی مدت کے آخر میں، تاکہ ہر رقم کی خالص حیثیت (Net position) کا پتہ چلایا جاسکے۔ کسی رقم کو متوازن کرنے کا مطلب یہ ہے کہ دونوں جانب کا میزان کیا جاتا ہے اور ان کے درمیان فرق کو اس جانب دکھایا جاتا ہے جو کم ہوتا ہے تاکہ ان کے میزان کو مساوی یا باہم مطابق بنایا جاسکے۔ الفاظ ''بیلنس c/d'' کو دونوں جانب کے درمیان فرق کی رقم کے مقابل تحریر کیا جاتا ہے۔ بقایا رقم کو اگلی حسابی مدت میں لایا جاتا ہے (Brought down, b/d) جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ اس وقت تک جاری رہنے والا حساب ہے جب تک آخری طور پر تصفیہ نہ ہو جائے یا بند نہ ہو جائے۔

© NCERT not to be republished

اگر ڈیبٹ جانب، کریڈٹ جانب سے تجاوز کر جائے تب فرق کو کریڈٹ جانب تحریر کیا جاتا ہے، اگر کریڈٹ، ڈیبٹ جانب سے تجاوز کر جائے تب دونوں کے درمیان فرق کو ڈیبٹ جانب ظاہر کرتے ہیں اور انہیں علی الترتیب ڈیبٹ اور کریڈٹ بقایا (بیلنس) کہا جاتا ہے۔ اخراجات نقصانات اور منافع/آمدنی کے کھاتوں کا بیلنس نہیں کیا جاتا بلکہ ٹریڈنگ اور نفع ونقصان کھاتے میں منتقل کرکے اسے بند کیا جاتا ہے۔ کھاتے کو باہم مطابق یا متوازن کرنے کو مثال کی مدد سے ذیل میں سمجھایا گیا ہے اور لین دین کو درج کرنے، لیجر میں چڑھانے اور اس کو متوازن کرنے کے سارے عمل کی وضاحت کی گئی ہے۔

| تاریخ | تفصیلات |
|---|---|
| 2010 | |
| اپریل 01 | نقد 1,00,000 روپے سے کاروبار کی شروعات کی گئی۔ |
| اپریل 02 | 40,000 روپے بینک میں جمع کیے گئے |
| اپریل 02 | 6,000 روپے کا فرنیچر، 42,000 کی زمین نقد خریدی گئی۔ |
| اپریل 03 | بجلی کے تار اور پلگ کی خریداری کے لیے میسرز ملک اینڈ برادرس کو 17,000 روپے کا چیک ادا کیا گیا۔ |
| اپریل 04 | میسرز ہانڈا کمپنی سے بمطابق بیجک نمبر 554 درج ذیل سامان خریدا گیا: |
| | (i) Smg. Ltd کے 1,000 واٹ 28 امرشن ہیٹر (Immersion Heaters) کی شرح روپے 50 اور |
| | (ii) 40 ٹیوب لائٹ @ 35 روپے تجارتی رعایت کی شرح 125% |
| اپریل 04 | 2,300 روپے کی نقد اسٹیشنری خریدی گئی |
| اپریل 05 | میسرز دیال ٹریڈرس سے 25,000 روپے 6% کے حساب سے قرض لیے گئے اور اگلے دن بینک میں رقم جمع کی گئی۔ |
| اپریل 05 | 80 روپے بار برداری کرایہ اور دیگر اجرتیں 20 روپے |
| اپریل 06 | میسرز براری لمیٹڈ سے خریداری (دیکھیے بیجک نمبر 125 کے حساب میں) |
| | (i) 50 ٹیبل لیمپ (یونیورسل) شرح 80 روپے |
| | (ii) 20 بجلی کیتلیاں (جنرل) شرح 125 روپے |
| | (iii) 5 بجلی آئرن شرح 300 روپے تجارتی رعایت 20% |
| اپریل 07 | میسرز رمنیک کے حساب میں فروخت بحوالہ بیجک نمبر 871: |
| | (i) 10 ایمرشن ہیٹر 1000 واٹ کی شرح 60 روپے |
| | (ii) 5 ٹیبل لیمپ کی شرح 100 روپے |
| | (iii) 2 بجلی آئرن کی شرح 320 روپے |
| اپریل 08 | کریڈٹ پر میسرز کپاڑیہ کو فروخت کیے گئے بحوالہ بیجک نمبر 880۔ |
| | (i) 15 ایمرشن ہیٹر کی شرح 60 روپے۔ |
| | (ii) 15 ٹیوب لائٹ کی شرح 38 روپے۔ |

| | |
|---|---|
| رمنیک سے داخلی واپسی: | اپریل10 |
| (i) 2ایمرشن ہیٹر | |
| (ii) 1 بجلی آئرن | |
| 4,000 روپے بذریعہ چیک کرایہ ادا کیا گیا۔ | اپریل11 |
| میسرز رونگتا سے نقد خریداری کی گئی: | اپریل11 |
| (i) 5ایمرزن ہیٹر 1000 واٹ @ 45 روپے | |
| براری لمٹیڈ کو اشیا کی واپسی | اپریل12 |
| (i) 3 ٹیبل لیمپس (یونیورسل) | |
| (ii) 2 بجلی کیتلی | |
| (iii) 1 بجلی آئرن | |
| کوالٹی فرنیچر لمیٹڈ سے حساب میں فرنیچر خریدا گیا8,000 روپے۔ | اپریل15 |
| اشتہار کے لیے ادا ادا کیے گئے1,200 روپے۔ | اپریل16 |
| میسرز دمن کو فروخت بحوالہ بیجک نمبر902 | اپریل18 |
| (i) 10 الیکٹرک کیتلی (جنرل) کی شرح13 روپے | |
| میسرز کوچر کمپنی سے کریڈٹ پر خریدا گیا بحوالہ بیجک نمبر205 | اپریل19 |
| (i) 25الیکٹرک مکسر، شرح 600 روپے فی عدد | |
| (ii) 40 الیکٹرک آئرن (خاص)، شرح 540 روپے، تجارتی رعایت20% | |
| میسرز رمنیک کو فروخت حساب میں بحوالہ بل نمبر925: 4الیکٹرک مکسرس، شرح 600 روپے | اپریل20 |
| تمام مطالبات کے تصفیے کے بعد فائنل ادائیگی کے طور پر میسرز رمنیک سے 3,700 روپے کی مطلوبہ رقم کا چیک دو دن کے بعد بینک میں جمع کیا گیا۔ | اپریل21 |
| میسرز بُراری لمٹیڈ سے کریڈٹ پر درج ذیل سامان خریدا گیا بحوالہ بیجک 157: | اپریل21 |
| (i) 10 الیکٹرک کیتلیاں کی شرح 125 روپے | |
| (ii) 30الیکٹرک لیمپ، شرح 80 روپے، تجارتی رعایت20% | |
| میسرز نوتن کے حساب میں فروخت بحوالہ بیجک نمبر958: | اپریل23 |
| (i) 2الیکٹرک مکسر، شرح 600 روپے فی عدد | |
| بجلی کے تاروں اور پلگ کی نقد فروخت14,500 روپے، نقد رعایت200 روپے کی منظوری کی گئی۔ | اپریل23 |
| ہتیش سے نقد خریداری | اپریل24 |
| (i) 5الیکٹرک پنکھے، شرح 740 روپے فی عدد | |

© NCERT not to be republished

| | |
|---|---|
| اپریل 25 | بجلی کا بل ادا کیا گیا 1,320 روپے |
| اپریل 25 | میسرز بُراری لمٹیڈ کو مکمل اور فائنل ادائیگی بذریعہ چیک 320 روپے کی ان کی چھوٹ منظور کی گئی |
| اپریل 26 | میسرز موہت مارٹ سے 3,200 روپے کی اسٹیشنری حساب میں خریدی گئی |
| اپریل 27 | میسرز دمن کو حساب میں فروخت بحوالہ بیجک نمبر 981 |
| | (i) 15 ٹیبل لیمپس، شرح 100 روپے فی عدد |
| | (ii) 10 ایمرشن ہیٹرس 1000 واٹ، شرح 80 روپے۔ |
| اپریل 28 | 5,000 روپے بینک میں جمع کیے گئے۔ |
| اپریل 30 | ذاتی استعمال کے لیے 8,000 روپے نکالے گئے۔ |
| اپریل 30 | 2,700 روپے کا ٹیلی فون بل بذریعہ چیک ادا کیا گیا۔ |
| اپریل 30 | بیمہ ادا کیا گیا 1,600 روپے بذریعہ چیک۔ |
| اپریل 30 | میسرز ہانڈا کمپنی کو 2,450 روپے بذریعہ چیک اور میسرز کوچر کو 2,800 روپے بذریعہ ادا کیے گئے چیک جنہوں نے 1,280 روپے بطور رعایت منظور کیے۔ |

## خریداری (جرنل) بہی

| تاریخ | بیجک نمبر | سپلائر کا نام (کھاتہ کریڈٹ کیا جاتا ہے) | L.F. | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | |
| اپریل 04 | 544 | ہانڈا کمپنی | | 2,450 |
| اپریل 06 | 125 | بُراری لمٹیڈ | | 6,400 |
| اپریل 19 | 205 | کوچر کمپنی | | 29,280 |
| اپریل 21 | 157 | بُراری لمیٹڈ | | 2,280 |
| اپریل 30 | | | | 40,410 |

© NCERT
not to be republished

## فروخت (جرنل) بہی

| تاریخ | بیجک نمبر | سپلائر کا نام (کھاتہ کریڈٹ کیا جاتا ہے) | L.F. | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | |
| اپریل07 | 871 | رمنیک | | 1,740 |
| اپریل08 | 880 | کپاڑیہ | | 1,470 |
| اپریل18 | 902 | دمن | | 1,300 |
| اپریل20 | 925 | رمنیک | | 2,400 |
| اپریل23 | 958 | نوتن | | 1,200 |
| اپریل27 | 981 | دمن | | 2,300 |
| اپریل30 | | | | 10,410 |

## خریداری واپسی (جرنل) بہی

| تاریخ | بیجک نمبر | سپلائر کا نام (کھاتہ ڈیبٹ کیا جاتا ہے) | L.F. | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| اپریل12 | | بوراری لمٹیڈ | | 632 |
| اپریل30 | | | | 632 |

## فروخت واپسی (جرنل) بہی

| تاریخ | بیجک نمبر | سپلائر کا نام (کھاتہ ڈیبٹ کیا جاتا ہے) | L.F. | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | |
| اپریل10 | | رمنیک | | 440 |
| اپریل30 | | | | 440 |

© NCERT not to be republished

## جرنل اصل (Journal Proper)

| تاریخ | تفصیلات | | L.F. | ڈیبٹ رقم روپے | کریڈٹ رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | |
| 15 اپریل | فرنیچر کھاتہ | Dr. | | 8,000 | |
| | کوالٹی فرنیچر کھاتہ | | | | 8,000 |
| | (کریڈٹ پر فرنیچر کی خریداری) | | | | |
| 25 اپریل | بوراری لمٹیڈ کھاتہ | | | 320 | |
| | کٹوتی کھاتہ | Dr. | | | 320 |
| | (رعایت وصول کی گئی) | | | | |
| 26 اپریل | اسٹیشنری کھاتہ | Dr. | | 3,200 | |
| | موہت مارت کھاتہ | | | | 3,200 |
| | (کریڈٹ پر اسٹیشنری مدوں کی خرید) | | | | |
| 30 اپریل | کوچر کھاتہ | | | 1,280 | |
| | رعایت کھاتہ میں | | | | 1,280 |
| | (رعایت وصول کی گئی) | | | | |
| | کل میزان | | | 12,800 | 12,800 |

## کیش بک

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | L.F. | نقد روپے | بینک روپے | تاریخ | تفصیلات | L.F. | نقد روپے | بینک |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | 2005 | | | | |
| اپریل | | | | | اپریل | | | | |
| 01 | اصل | | 1,00,000 | | 02 | بینک | C | 40,000 | |
| 02 | نقد | C | | 40,000 | 02 | فرنیچر | | 6,000 | |
| 05 | 6% قرض | | 25,000 | | 02 | زمین | | 42,000 | |

© NCERT not to be republished

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 06 | نقد | C | | 25,000 | 03 | خریداری | | | 17,000 |
| 21 | رمنیک | | 3,700 | | 04 | اسٹیشنری | | 2,300 | |
| 23 | نقد | C | | 3,700 | 05 | متفرق اخراجات | | 100 | |
| 23 | فروخت | | 14,500 | | 06 | بینک | C | 25,000 | |
| 28 | نقد | C | | 5,000 | 11 | کرایہ | | | 4,000 |
| | | | | | 11 | خریداریاں | | 225 | |
| | | | | | 16 | اشتہار | | 1,200 | |
| | | | | | 23 | بینک | C | 3,700 | |
| | | | | | 24 | خریداریاں | | 3,700 | |
| | | | | | 25 | بجلی اجرتیں | | 1,320 | |
| | | | | | 25 | بوراری لمیٹڈ | | | 7,728 |
| | | | | | 28 | بینک | C | 5,000 | |
| | | | | | 30 | ڈرائنگس | | 8,000 | |
| | | | | | 30 | ٹیلی فون چارجز | | | 2,700 |
| | | | | | 30 | بیمہ | | | 1,600 |
| | | | | | 30 | ہانڈا کمپنی | | | 2,450 |
| | | | | | 30 | کوچر اینڈ کمپنی | | | 28,000 |
| 30 | | | 1,43,200 | 73,700 | 30 | بیلنس c/d | | 4,655 | 10,222 |
| مئی 01 | بیلنس c/d | | 4,655 | 10,222 | 30 | | | 1,43,200 | 73,700 |

اندراج شدہ لین دین لیجر میں چڑھائے جائیں گے

## کیپٹل کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2005 | | | |
| اپریل 30 | بیلنس c/d | | 1,00,000 | اپریل 01 | نقد | | 1,00,000 |
| | | | 1,00,000 | | | | 1,00,000 |

## 6% قرض کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| اپریل30 | بیلنس c/d | | 25,000 | اپریل05 | نقد | | 25,000 |
| | | | 25,000 | | | | 25,000 |

## رمنیک کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| اپریل07 | فروخت | | 1,740 | اپریل10 | فروخت واپسی | | 440 |
| اپریل20 | فروخت | | 2,400 | اپریل21 | نقد | | 3700 |
| | | | 4,140 | | | | 4,140 |

## فروحت کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2010 | | | |
| | | | | اپریل23 | نقد | | 14,500 |
| | | | | اپریل30 | متفرقات | | 10,410 |
| | | | | | | | 24,910 |

© NCERT not to be republished

## فرنیچر کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| اپریل 02 | نقد | | 6,000 | اپریل 30 | بیلنس c/d | | 14,000 |
| اپریل 15 | کوالٹی فرنیچر | | 8,000 | | | | |
| | | | 14,000 | | | | 14,000 |

## زمین کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| اپریل 02 | نقد | | 42,000 | اپریل 30 | بیلنس c/d | | 42,000 |
| | | | 42,000 | | | | 42,000 |

## خریداری کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | | | |
| اپریل 03 | بینک | | 17,000 | | | | |
| اپریل 11 | بینک | | 225 | | | | |
| اپریل 24 | نقد | | 3,700 | | | | |
| اپریل 30 | متفرقات | | 40,410 | | | | |
| | | | 61,335 | | | | |

© NCERT not to be republished

## اسٹیشنری کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | | | |
| اپریل 04 | نقد | | 2,300 | | | | |
| اپریل 26 | موہت مارٹ | | 3,200 | | | | |
| | | | 5,500 | | | | |

## متفرق اخراجات

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | | | |
| اپریل 05 | نقد | | 100 | | | | |
| | | | 100 | | | | |

## کرایہ کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | | | |
| اپریل 04 | بینک | | 4,000 | | | | |
| | | | 4,000 | | | | |

## اشتہار کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | | | |
| اپریل 16 | نقد | | 12,000 | | | | |
| | | | 12,000 | | | | |

© NCERT not to be republished

## بجلی چارجز کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>اپریل25 | نقد | | 1,320 | | | | |
| | | | 1,320 | | | | |

## ڈرائنگ کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>اپریل30 | نقد | | 8,000 | | | | |
| | | | 8,000 | | | | |

## ٹیلی فون چارجز کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>اپریل30 | بینک | | 2.700 | | | | |
| | | | 2.700 | | | | |

## بیمہ کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>اپریل30 | بینک | | 1.600 | | | | |
| | | | 1.600 | | | | |

© NCERT not to be republished

## کوالٹی فرنیچر کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| 30 اپریل | بیلنس c/d | | 8,000 | 15 اپریل | فرنیچر | | 8,000 |
| | | | 8,000 | | | | 8,000 |

## موہت مارٹ کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| 30 اپریل | بیلنس c/d | | 3,200 | 26 اپریل | اسٹیشنری | | 3,200 |
| | | | 3,200 | | | | 3,200 |

## خرید واپسی کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2010 | | | |
| | | | | 30 اپریل | متفرقات | | 632 |
| | | | | | | | 632 |

## ہانڈا کمپنی کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| 30 اپریل | بینک | | 2,450 | 04 اپریل | خریداریاں | | 2,450 |
| | | | 2,450 | | | | 2,450 |

© NCERT not to be republished

## براری لمٹیڈ کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| اپریل12 | خریداری واپسی | | 632 | اپریل06 | خریداریاں | | 6,400 |
| اپریل25 | بینک | | 7,728 | اپریل21 | خریداریاں | | 2,280 |
| | ڈسکاؤنٹ | | 320 | | | | |
| | | | 8,680 | | | | 8,680 |

## کوچھر کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| اپریل30 | بینک | | 28,000 | اپریل19 | خریداریاں | | 29,280 |
| | ڈسکاؤنٹ | | 1,280 | | | | |
| | | | 29,280 | | | | 29,280 |

## فروخت واپسی کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| اپریل30 | متفرقات | | 440 | اپریل30 | | | |
| | | | 440 | | | | |

© NCERT not to be republished

## کپاڈیہ کھاتہ

**Dr.** | **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| اپریل 08 | فروخت | | 1,470 | اپریل 30 | بیلنس c/d | | 1,470 |
| | | | 1,470 | | | | 1,470 |

## دمن کھاتہ

**Dr.** | **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| اپریل 18 | فروخت | | 1,300 | اپریل 30 | بیلنس c/d | | 3,600 |
| اپریل 17 | فروخت | | 2,300 | | | | |
| | | | 3,600 | | | | 3,600 |

## نوتن کھاتہ

**Dr.** | **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| اپریل 23 | فروخت | | 1,200 | اپریل 30 | بیلنس c/d | | 1,200 |
| | | | 1,200 | | | | 1,200 |

## کٹوتی وصول شدہ کھاتہ

**Dr.** | **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2010 | | | |
| | | | | اپریل 25 | بوراری لمیٹڈ | | 320 |
| | | | | اپریل 30 | کوچھر | | 1,280 |
| | | | | | | | 1,600 |

© NCERT not to be republished

## اپنی فہم کی جانچ کیجیے II

1۔ درست الفاظ سے پر کیجیے:

(a) کیش بک ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جرنل ہے۔

(b) جرنل اصل میں صرف ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رعایت (Discount) درج کی جاتی ہے۔

(c) سپلائر کو کریڈٹ پر خرید شدہ اشیا کی واپسی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جرنل میں درج کی جائے گی۔

(d) کریڈٹ پر فروخت کیے گئے اثاثے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں درج کیے جاتے ہیں۔

(e) دوہرے کالم کی کیش بک میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے متعلق لین دین درج کیے جاتے ہیں۔

(f) کیش بک کے ڈیبٹ جانب کا میزان کریڈٹ جانب کے مقابلے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

(g) کیش بک میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا لین دین کو درج نہیں ہوتا۔

(h) دوہرے کالم کی کیش بک میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔لین دین کو بھی درج کیا جاتا ہے۔

(i) کیش بک میں بینک کالم کے ذریعہ دکھایا گیا کریڈٹ بیلنس ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

(j) خردہ خزانچی کو میعاد کے شروع میں ادا کی گئی رقم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رقم کے طور پر جانی جاتی ہے۔

(k) خریداری بہی میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پر خریدی گئی اشیا کو درج کیا جاتا ہے۔

2۔ بیان کیجیے کہ آیا درج ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط:

(a) جرنل، ثانوی اندراج کی بہی ہے۔

(b) کسی اندراج میں ایک ڈیبٹ کھاتے اور ایک سے زیادہ کریڈٹ کھاتوں کو مرکب اندراج (Compound Entry) کہا جاتا ہے۔

(c) کریڈٹ پر فروخت کیے گئے اثاثے کو فروخت جرنل میں درج کیا جاتا ہے۔

(d) خرید بہی میں نقد اور ادھار خریداریاں درج کی جاتی ہیں۔

(e) نقد فروخت کو بکری یا فروخت جرنل میں درج کیا جاتا ہے۔

(f) کیش بک میں وصولیابیوں اور ادائیگیوں سے متعلق لین دین کو درج کیا جاتا ہے۔

(g) لیجر ایک ضمنی کتاب ہے۔

(h) خردہ کیش بک وہ بہی ہے جس میں بڑی ادائیگیوں کا ریکارڈ ہوتا ہے۔

(i) وصول شدہ نقد کو کیش بک کے ڈیبٹ جانب درج کیا جاتا ہے۔

(j) کیش بک کے ڈیبٹ اور کریڈٹ دونوں جانب جو لین دین درج کیا جاتا ہے اس کو متقابل اندراج (Contra Entry) کہا جاتا ہے

(k) کھاتے کو متوازن کرنے کا مطلب ڈیبٹ اور کریڈٹ جانب کا میزان ہے۔

(l) مشین کی کریڈٹ خریداری کو خرید بہی میں درج کیا جاتا ہے۔

© NCERT not to be republished

## باب میں متعارف کرائی گئیں کلیدی اصطلاحات

- پوسٹنگ (چڑھانا)
- روزنامچے (Day Books)
- کیش بک (Cash Books)
- خردہ کیش بک (Petty Cash Book)
- فروخت واپسی (جرنل) بہی [Sales return (Journal) Book]
- فروخت (جرنل) بہی [Sales (Journal) Book]
- کھاتوں کو باہم مطابق بنانا یا متوازی کرنا (Balancing of Accounts)
- خرید (جرنل) بہی [Purchase (Journal) Book]
- خرید واپسی (جرنل) بہی [Purchases Return (Journal) Book]

## تعلیمی مقاصد کے حوالے سے خلاصہ

1۔ جرنل: اصل اندراج کی بنیادی بہی۔
2۔ کیش بک: وہ بہی جو سبھی نقد وصولیابیوں اور ادائیگیوں کو درج کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔
3۔ خردہ کیش بک: وہ بہی جو چھوٹی نقد ادائیگیاں درج کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔
4۔ خرید بہی: ایک خاص جرنل جس میں صرف کریڈٹ خریداری درج کی جاتی ہے۔
5۔ فروخت جرنل: ایک خاص جرنل جس میں صرف کریڈٹ فروخت درج کیا جاتا ہے۔
6۔ خرید واپسی بہی: وہ بہی جس میں خریدی گئی اشیا کی واپسی درج کی جاتی ہے۔
7۔ فروخت واپسی بہی: ایک خاص بہی جس میں کریڈٹ پر فروخت شدہ کاروباری اشیا کی واپسی درج کی جاتی ہے۔

## مشق کے لیے سوالات

### مختصر جواب

1۔ مختصراً بیان کیجیے کہ کیش بک کس طرح جرنل اور لیجر دونوں ہے؟
2۔ متقابل اندراج (Contra Entry) کا کیا مقصد ہے؟
3۔ خاص مقصد کے بہی کھاتے کیا ہیں؟

© NCERT not to be republished

4۔ خردہ کیش بک کیا ہے؟ اسے کیسے تیار کیا جاتا ہے؟
5۔ جرنل اندراجات کو چڑھانے یا پوسٹ کرنے کے مفہوم کی وضاحت کیجیے۔
6۔ معاون جرنل (Subsidiary Journal) کے استعمال کا کیا مقصد ہے:
7۔ واپسی داخلی اور واپسی بیرونی کے درمیان فرق تحریر کیجیے۔
8۔ لیجر فولیو (Ledger Folio) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟
9۔ تجارتی رعایت اور نقد رعایت کے درمیان کیا فرق ہے؟
10۔ کسی جرنل سے لیجر تیار کرنے کا عمل تحریر کیجیے۔
11۔ خردہ کیش بک میں پیشگی رقم (Imprest Money) سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔

### طویل جوابات

1۔ خاص مقصد کے بہی کھاتوں کو تیار کرنے کی ضرورت کی بیان کیجیے۔
2۔ کیش بک کیا ہے؟ کیش بک کی اقسام کی وضاحت کیجیے۔
3۔ متقابل اندراج کیا ہے؟ آپ دوہرے کالم کی کیش بک تیار کرتے وقت اس اندراج کو کیسے انجام دے سکتے ہیں۔
4۔ خردہ کیش بک کیا ہے؟ خردہ کیش بک کے فوائد تحریر کیجیے۔
5۔ جرنل کی ذیلی تقسیم (Sub-division) کے فوائد بیان کیجیے۔
6۔ کھاتوں کو باہم مطابق یا متوازن کرنے سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

## عددی سوالات

### سادہ کیش بک

1۔ دسمبر 2005 کے لیے سادہ کیش بک میں درج ذیل لین دین کا اندراج کیجیے۔

| | | رقم روپے |
|---|---|---|
| 01 | نقد بقایا | 12,000 |
| 05 | بھانو سے نقد وصول کیا گیا | 4,000 |
| 07 | کرایہ ادا کیا گیا | 2,000 |
| 10 | مراری سے نقد اشیا خریدی گئی | 6,000 |
| 15 | نقد فروخت اشیا | 9,000 |
| 18 | اسٹیشنری کی خرید | 300 |
| 22 | راہل کو حساب میں نقد ادائیگی | 2,000 |

© NCERT not to be republished

| | |
|---|---|
| 28 ادا کی گئی تنخواہ | 1,000 |
| 30 ادا کیا گیا کرایہ | 500 |

(جواب: نقد بقایا13,200 روپے)

2۔ نومبر 2005 کے لیے سادہ کیش بک میں درج ذیل لین دین کو درج کیجیے۔

| | رقم روپے |
|---|---|
| 01 نقد بقایا | 12,500 |
| 04 ہری کو نقد ادائیگی | 600 |
| 07 خریدی گئی اشیا | 800 |
| 12 امت سے نقد وصول | 1,960 |
| 16 نقد فروخت اشیا | 800 |
| 20 منیش کو ادائیگی | 590 |
| 25 باربرداری کرایہ ادا کیا گیا | 100 |
| 31 تنخواہ ادا کی گئی | 1,000 |

(جواب: نقد بقایا12,170 روپے)

3۔ دسمبر 2005 کے لیے سادہ کیش بک میں درج ذیل لین دین کا اندراج کیجیے۔

| | رقم روپے |
|---|---|
| 01 نقد بقایا | 7,750 |
| 06 سونو کو ادائیگی | 45 |
| 08 خریدی گئی اشیا | 600 |
| 15 پرکاش سے نقد وصولی | 960 |
| 20 نقد فروخت | 500 |
| 25 ایس کمار کو ادائیگی | 1,200 |
| 30 کرایہ ادا کیا گیا | 600 |

(جواب: نقد بقایہ 6,765 روپے میں)

**بینک کالم کیش بک**

4۔ دسمبر 2005 کے لیے بینک کالم کیش بک میں درج ذیل لین دین درج کیجیے۔

| | |
|---|---|
| 01 نقد کے ساتھ کاروبار کی شروعات | 80,000 |
| 04 بینک میں جمع کیے گئے | 50,000 |

© NCERT not to be republished

| | | |
|---|---|---|
| 10 | راہل سے نقد وصولی | 1,000 |
| 15 | اشیا کی نقد خریداری | 8,000 |
| 22 | بذریعہ چیک اشیا خریدی گئیں | 10,000 |
| 25 | شیام کو نقد ادائیگی | 20,000 |
| 30 | دفتر کے استعمال کے لیے بینک سے نکالا گیا | 2,000 |
| 31 | کرایہ ادا کیا گیا بذریعہ چیک | 1,000 |

(جواب: نقد بقایا5,000، بینک میں37,000 روپے)

5۔ دسمبر2005 کے لیے دوہرے کالم کی کیش بک درج ذیل معلومات کی مدد سے تیار کیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| 01 | نقد کاروبار کی شروعات | 1,20,000 |
| 03 | نقد بینک میں ادا کیا گیا | 50,000 |
| 05 | سشمتا سے سامان خریدا گیا | 20,000 |
| 06 | دنکر کو فروخت اشیا فروخت کی گئیں اور چیک وصول کیا گیا | 20,000 |
| 10 | سشمتا کو نقد ادائیگی | 20,000 |
| 14 | دسمبر 6، 2005 کو چیک وصول کیا گیا اور بینک میں جمع کیا گیا | 12,000 |
| 18 | رانی کو فروخت اشیا | 500 |
| 22 | رانی سے نقد وصولی | 12,000 |
| 27 | کمیشن وصول کیا گیا | 5,000 |
| 30 | ذاتی استعمال کے لیے نقد نکالا گیا | 2,000 |

(جواب: نقد بقایا64,500 روپے، بینک میں70,000 روپے)

6۔ نومبر2005 کے لیے امیکا ٹریڈرس کی دوہرے کالم کی کیش بک میں درج ذیل لین دین درج کریں۔

| | روپے | |
|---|---|---|
| 01 | نقد کے ساتھ کاروبار شروع کیا | 50,000 |
| 03 | ICICI میں بینک کھاتہ کھولا | 30,000 |
| 05 | نقد خریدی گئی اشیا | 10,000 |
| 10 | نقد خریدی گئی آفس مشین | 5,000 |
| 15 | روہن سے کریڈٹ پر فروخت اشیا اور چیک وصول کیا گیا | 7,000 |
| 18 | نقد فروخت | 8,000 |
| 20 | روہن کا چیک بینک میں جمع کیا گیا | |

© NCERT not to be republished

| | |
|---|---|
| 22 کار یہ بار برداری بذریعہ چیک ادا کیا گیا | 500 |
| 25 ذاتی استعمال کے لیے نقد نکالا گیا | 2,000 |
| 30 کرایہ ادا کیا گیا بذریعہ چیک | 1,000 |

(جواب: نقد ہاتھ میں 11,000 روپے، نقد بینک میں 35,500 روپے)

7۔ ستمبر 2005 کے لیے درج ذیل معلومات سے دوہرے کالم کی کیش بک تیار کیجیے

| | روپے |
|---|---|
| 01 نقد ہاتھ میں | 7,500 |
| بینک اوورڈرافٹ | 3,500 |
| 03 اجرتیں ادا کی گئیں | 200 |
| 05 نقد فروخت | 7,000 |
| 10 بینک میں جمع کیا گیا نقد | 4,000 |
| 15 اشیا خریدی گئیں اور بذریعہ چیک ادائیگی کی گئی | 2,000 |
| 20 کرایہ ادا کیا گیا | 500 |
| 25 ذاتی استعمال کے لیے بینک سے نکالا گیا | 400 |
| 30 تنخواہ ادا کی گئی | 1,000 |

(جواب: نقد ہاتھ میں 8,800، نقد بینک میں 1,900 روپے)

8۔ جنوری 2005 میں میسرز موہت ٹریڈرس کی ڈبل کالم کیش بک میں مندرجہ ذیل لین دین کا اندراج کیجئے:

| | روپے |
|---|---|
| 01 کیش ان ہینڈ | 3,500 |
| بینک اوورڈرافٹ | 2,300 |
| 03 نقد مال خریدا | 1,200 |
| 05 مزدوری | 200 |
| 10 نقد بکری | 8,000 |
| 15 بینک میں روپے جمع کیے | 6,000 |
| 22 چیک کے عوض مال فروخت کیا اور اسی دن چیک کو بینک میں جمع کیا | 2,000 |
| 25 بذریعہ چیک کرایہ ادا کیا | 1,200 |
| 28 ذاتی استعمال کے لیے بینک سے روپے نکالے | 1,000 |
| 31 بذریعہ چیک مال خریدا | 1,000 |

(جواب کیش ان ہینڈ 4,100 روپے، کیش ایٹ بینک 2,500 روپے)

© NCERT not to be republished

9۔ دسمبر 2005 مندرجہ ذیل لین دین سے ڈبل کالم کیش بک تیار کیجئے:

| | | روپے |
|---|---|---|
| 01 | کیش ان ہینڈ | 17,500 |
| | کیش ایٹ بینک | 5,000 |
| 03 | نقد فروخت | 3,000 |
| 05 | جسمیت سے چیک وصول ہوا | 10,000 |
| 08 | نقد مال فروخت کیا | 7,000 |
| 10 | جسمیت کا چیک بینک میں جمع کیا | |
| 12 | بذریعہ چیک مال خریدا | 20,000 |
| 15 | بینک کے ذریعہ انتظامی اخراجات ادا کئے | 1,000 |
| 18 | نقد بکری | 7,000 |
| 20 | بینک میں روپے جمع کیے | 10,000 |
| 24 | تجارتی اخراجات کی ادائیگی | 500 |
| 27 | بذریعہ چیک کمیشن موصول ہوا | 6,000 |
| 29 | کرایہ ادا کیا | 2,000 |
| 30 | ذاتی استعمال کے لیے کیش نکالا | 1,200 |
| 31 | تنخواہ ادا کی | 6,000 |

(جواب: کیش ان ہینڈ 8,800 کیش ایٹ بینک 10,000)

10۔ روچی ٹریڈرس نے دسمبر 01، 2005 کو درج ذیل بقایاجات کے ساتھ اپنی کیش بک کی شروعات کی۔ نقد ہاتھ میں 1,354 روپے اور بینک کے رواں کھاتے میں 7560 روپے باقی تھے، دسمبر 2005 کے مہینے میں درج ذیل لین دین تھا:

| | | روپے |
|---|---|---|
| 03 | نقد فروخت | 2,300 |
| 05 | بذریعہ چیک مال خریدا | 6,000 |
| 08 | نقد فروخت | 10,000 |
| 12 | تجارتی اخراجات ادا کیے گئے | 700 |
| 15 | بذریعہ چیک مال فروخت کیا (اسی دن بینک میں جمع کیا گیا) | 20,000 |
| 18 | بذریعہ چیک موٹر کار خریدی گئی | 15,000 |
| 20 | منیشا سے وصول کیا گیا چیک (اسی دن جمع کیا گیا) | 10,000 |

© NCERT not to be republished

| | | |
|---|---|---|
| 22 | نقد فروخت | 7,000 |
| 25 | منیشا کا چیک نا قابل ادائیگی (Dishonour) قرار دیا گیا اور واپس ہوا | |
| 28 | کرایہ ادا کیا گیا | 2,000 |
| 29 | ٹیلی فون کے اخراجات بذریعہ چیک ادا کیے گئے | 500 |
| 31 | ذاتی استعمال کے لیے نقد نکالا گیا | 2,000 |

بینک کالم والی کیش بک تیار کیجیے۔

(جواب: نقد ہاتھ میں 15,954، نقد بینک میں 6,060 روپے)

**خردہ نقد بہی**

11۔ خردہ کیش بک درج ذیل لین دین سے تیار کیجیے۔ پیشگی رقم 2,000 روپے ہے۔

| جنوری | | روپے |
|---|---|---|
| 01 | ڈھلائی کی ادائیگی | 50 |
| 02 | STD کے چارجز | 40 |
| 02 | بس کرایہ | 20 |
| 03 | ڈاک کے محصولات | 30 |
| 04 | ملازمین کے لیے ہلکا ناشتہ | 80 |
| 06 | کوریر چارجز | 30 |
| 08 | گاہکوں کو ناشتہ | 50 |
| 10 | ڈھلائی کرایہ | 35 |
| 15 | منیجر کے لیے ٹیکسی کرایہ | 70 |
| 18 | اسٹیشنری | 65 |
| 20 | بس کرایہ | 10 |
| 22 | فیکس چارجز | 30 |
| 25 | ٹیلی گرام چارجز | 35 |
| 27 | محصول ڈاک | 200 |
| 29 | فرنیچر کی مرمت | 105 |
| 30 | لانڈری اخراجات | 115 |
| 31 | متفرق اخراجات | 100 |

(جواب: نقد بقایا 925 روپے)

© NCERT not to be republished

12۔ ہفتہ وار پیشگی رقم 500 روپے کے ساتھ 30 دسمبر، 2005 کو ختم ہونے والے ہفتہ کے دوران درج ذیل لین دین کو درج کیجیے۔

| | | روپے |
|---|---|---|
| 24 | اسٹیشنری | 100 |
| 25 | بس کرایہ | 12 |
| 25 | ڈھلائی | 40 |
| 26 | ٹیکسی کرایہ | 80 |
| 27 | عارضی مزدوروں کو دی گئی اجرت | 90 |
| 29 | محصول ڈاک | 80 |

(جواب: نقد بقایا 98 روپے)

**دیگر معاون بہی کھاتے**

13۔ میسرز گپتا ٹریڈرس کے خرید جرنل (بہی) میں درج ذیل لین دین کا اندراج کریں:

01 بیجک نمبر 2004 کے مطابق راہل ٹریڈرس سے خریداری
40 جیل پین 60 روپے فی عدد کے حساب سے
80 نوٹ بک 15 روپے فی عدد کے حساب سے
50 نوٹ بک 20 روپے فی عدد کے حساب سے
تجارتی رعایت 10%

15 گلوبل اسٹیشنرس سے بیجک نمبر 1132 کے مطابق خریداری
40 روشنائی پیڈس 8 روپے فی عدد کے حساب سے
50 فائلیں، 10 روپے فی عدد کی شرح سے
20 کلر بکس، 20 روپے فی عدد کی شرح سے
تجارتی رعایت 5%

23 لامبا فرنیچر سے خریداری بمطابق بیجک نمبر 3201
2 کرسیاں 600 روپے فی عدد کی شرح سے
1 میز 1000 روپے فی میز کی شرح سے

25 ممبئی ٹریڈرس سے خریداری بمطابق بیجک نمبر 1111

© NCERT not to be republished

10 پیپر رم، 100 روپے فی رِم کی شرح سے
400 ڈرائنگ شیٹ، 3 فی عدد کی شرح سے
20 پیکٹ واٹر کلر، 40 روپے فی پیکٹ کی شرح سے
(جواب: خرید بہی کا کل میزان 8,299)

14۔ میسرز بنسل الکٹرانکس کی فروخت (جرنل) بہی میں درج ذیل لین دین کا اندراج کریں:

ستمبر

01 امیت ٹریڈرس کو فروخت بل نمبر 4321 کے مطابق
20 پاکٹ ریڈیو، 70 روپے فی ریڈیو کی شرح سے
2 ٹی وی سیٹ B & W (6") 800 روپے فی ٹی وی کی شرح سے

10 ارون کو فروخت بل نمبر 4351 کے مطابق فروخت کیا گیا
5 ٹی۔وی سیٹ B & W (20") 3,000 فی ٹی۔وی کی شرح سے
2 ٹی۔وی سیٹ (21") کلر، 4,800 روپے فی ٹی۔وی کی شرح سے

22 ہانڈا الکٹرانکس کو بل نمبر 4,399 کے مطابق فروخت
10 ٹیپ ریکارڈرس، 600 روپے فی عدد کی شرح سے
5 واک مین، 300 روپے فی عدد کی شرح سے

28 ہریش ٹریڈرس کو بل نمبر 4430 کے مطابق فروخت
10 مکسر جوسر گرائنڈر، 800 فی عدد کی شرح سے
(فروخت بہی کا کل میزان 43,100 روپے)

15۔ جنوری 2006 کے لیے درج ذیل لین دین سے خرید واپسی (جرنل) بہی تیار کیجیے۔

| | | روپے |
|---|---|---|
| 05 | میسرز کارتک ٹریڈرس کو اشیا کی واپسی | 1,200 |
| 10 | ساحل پرائیویٹ لمٹیڈ کو اشیا کی واپسی | 2,500 |
| 17 | میسرز کوہ نور ٹریڈرس کو اشیا کی واپسی<br>مندرجہ قیمت 2,000 روپے کے لیے 10% تجارتی کٹوتی کم کریں۔ | |
| 28 | میسرز بانڈا ٹریڈرس کو بیرونی واپسی | 550 |

(جواب: خریداری واپسی بہی کا میزان 6,050 روپے)

16۔نومبر 2005 کے لیے بنسل الکٹرانکس کے درج ذیل لین دین سے داخلی واپسی جرنل بہی تیار کیجیے۔

| | | روپے |
|---|---|---|
| 04 | میسرز گپتا ٹریڈرس سے اشیا کی واپسی | 1,500 |
| 10 | میسرز ہریش ٹریڈرس سے اشیا کی واپسی | 800 |
| 18 | میسرز راہل ٹریڈرس سے غیرتفریح شدہ اشیا کی واپسی | 1,200 |
| 28 | سشیل ٹریڈرس سے غیرتفریح شدہ اشیا کی واپسی | 1,000 |

(جواب: فروخت واپسی کا میزان 4,500 روپے)

**درج کرنا، چڑھانا اور باہم مطابق کرنا**

17۔مناسب ذیلی بہی کھاتے تیار کیجیے اور انہیں ماہ فروری 2006 کے لیے درج ذیل لین دین سے لیجر میں چڑھائیے:

| | | روپے |
|---|---|---|
| 01 | سچن کو فروخت اشیا | 5,000 |
| 04 | کشل ٹریڈرس سے خریداری | 2,480 |
| 06 | منیش ٹریڈرس کو اشیا کی فروخت | 2,100 |
| 07 | سچن سے واپسی اشیا | 600 |
| 08 | کشل ٹریڈرس کو واپسی | 280 |
| 10 | مکیش کو فروخت | 3,300 |
| 14 | کنال ٹریڈرس خریداری | 5,200 |
| 15 | ترون سے خریدا گیا فرنیچر | 3,200 |
| 17 | نریش سے خریداری | 4,060 |
| 20 | کنال ٹریڈرس کو واپس | 200 |
| 22 | مکیش سے داخلی واپسی | 250 |
| 24 | مندرج قیمت کے لیے کیرتی اینڈ کمپنی سے اشیا کی خریداری پر 10% تجارتی ڈسکاؤنٹ کم کریں | 5,700 |
| 25 | شری چاند کو اشیا کی فروخت 5% تجارتی ڈسکاؤنٹ کم کریں | 6600 |
| 26 | رمیش برادرس کو فروخت | 4,000 |
| 28 | کیرتی اینڈ کمپنی کو بیرونی واپسی 10% تجارتی ڈسکاؤنٹ | 1,000 |

© NCERT not to be republished

28 رمیش برادرس سے 500 روپے کی اشیا کی واپسی

(جواب: میزان فروخت بہی=20,670

میزان خرید بہی 16,870

میزان خرید واپسی بہی1,380

میزان فروخت واپسی بہی1,350)

18۔ میسرز ماربل ٹریڈرس کے لیجر کے بقایا جات یکم اپریل2006 کو درج ذیل تھے:

| | روپے |
|---|---|
| نقد ہاتھ میں | 6,000 |
| نقد بینک میں | 12,000 |
| قابل وصول بل | 7,000 |
| رمیش (Cr) | 3,000 |
| اسٹاک (اشیا) | 5,400 |
| واجب الادا بل | 2,000 |
| راہل (Dr) | 9,700 |
| ہمانشو (Dr) | 10,000 |

ماہ کے دوران لین دین تھی:

| اپریل | | روپے |
|---|---|---|
| 01 | منیش کو اشیا کی فروخت | 3,000 |
| 02 | رمیش سے اشیا کی خریداری | 8,000 |
| 03 | راہل سے نقد وصولی حساب بے باق | 9,200 |
| 05 | ہمانشو سے حساب میں نقد وصول | 4,000 |
| 06 | بذریعہ چیک رمیش کو ادائیگی | 6,000 |
| 08 | بذریعہ چیک ادا کیا گیا کرایہ | 1,200 |
| 10 | منیش سے نقد وصول | 3,000 |
| 12 | نقد فروخت | 6,000 |
| 14 | رمیش کو واپسی اشیا | 1,000 |
| 15 | رمیش کو ادائیگی، حساب بے باق | 3,700 |
| | ڈسکاؤنٹ وصول کیا گیا | 300 |

© NCERT not to be republished

| | | |
|---|---|---|
| 18 | کشال کو فروخت اشیا | 10,000 |
| 20 | تجارتی اخراجات ادا کیے گئے | 200 |
| 21 | ذاتی استعمال کے لیے نکالی گئی رقم | 1,000 |
| 22 | کشال سے واپسی اشیا | 1,200 |
| 24 | کشال سے نقد وصول | 6,000 |
| 26 | اسٹیشنری کے لیے ادا کی گئی رقم | 100 |
| 27 | خرچ ڈاک | 60 |
| 28 | تنخواہ ادا کی گئی | 2,500 |
| 29 | شیتل ٹریڈرس سے خریداری اشیا | 7,000 |
| 30 | کیرتی کو فروخت اشیا | 6000 |
| | ہانڈا ٹریڈرس سے خریداری اشیا | 5,000 |

درج بالا لین دین کو جرنل میں تحریر کریں اور لیجر میں چڑھائیں۔

## اپنی فہم کی جانچ کے لیے جانچ فہرست

**اپنی فہم کی جانچ کیجیے -I**

(a) (iv) (b) (ii) (c) (iii) (d) (ii) (e) (ii)
(f) (iv) (g) (ii) (h) (iii) (i) (iii)

**اپنی فہم کی جانچ کیجیے -II**

1۔ (a) ذیلی (معاون) (b) نقد (c) خرید واپسی (d) جرنل اصل
(e) نقد، بینک (f) زیادہ (g) کریڈٹ (h) بینک
(i) اوورڈرافٹ (j) پیشگی (k) کریڈٹ

2۔ (a) غلط (b) صحیح (c) غلط (d) غلط
(e) غلط (f) صحیح (g) صحیح (h) غلط
(i) صحیح (j) صحیح (k) غلط (l) غلط

© NCERT not to be republished